Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14
منگل ،9 جنوری 2024ء ، 26 جمادی الثانی 1445ھ، قیمت 10روپے
شمارہ 240

دہشت گردی آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا

نگران وزیراعظم

پوری قوم سکیورٹی اہلکاروں اور پولیو ورکرز کو سلام پیش کرتی ہے، دہشت گرد کبھی بھی اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے، انوارالحق کاکڑ

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے باجوڑ میں پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم سکیورٹی اہلکاروں اور پولیو ورکرز کو سلام پیش کرتی ہے، دہشت گرد کبھی بھی اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے دہشت گرد (بقیہ نمبر 1)

پاکستان اور سعودی عرب کے مابین حج معاہدہ طے پا گیا ہے

سعودی عرب میں سالانہ حج ایگریمنٹ کی تقریب کا انعقاد ہوا

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین حج معاہدہ طے پا گیا ہے۔ ترجمان مذہبی امور نے بتایا کہ سعودی عرب میں سالانہ حج ایگریمنٹ کی تقریب کا انعقاد ہوا، سعودی وزیر حج اور پاکستانی نگران وزیر برائے مذہبی امور انیق احمد نے حج معاہدے پر دستخط کیے۔ ترجمان نے کہا کہ پیر سے سعودی عرب کے شہر جدہ میں عالمی حج ایکسپو کا بھی آغاز ہوگیا ہے، حج ایکسپو میں حجاج (بقیہ نمبر 2)

چیئرمین سینیٹ کی باجوڑ کی تحصیل ماموند میں دھماکے کی مذمت

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سکیورٹی فورسز اور آرمی نے لازوال قربانیاں دی ہیں، صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے باجوڑ کی تحصیل ماموند میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی کے لیے جانے والے پولیس ٹرک کے قریب دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت (بقیہ نمبر 5)

راجہ پرویز اشرف کی باجوڑ میں دھماکے کی مذمت

دہشتگرد بزدلانہ کارروائیوں سے سکیورٹی فورسز کے حوصلے متزلزل نہیں کر سکتے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے باجوڑ میں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد بزدلانہ کارروائیوں سے سکیورٹی فورسز کے حوصلے متزلزل نہیں کر سکتے۔ اپنے تعزیتی (بقیہ نمبر 4)

کسانوں کی رہنمائی کیلئے ایپ تیار کرنے کا فیصلہ

اِس ایپ کے ذریعے صارف اپنی مطلوبہ معلومات حاصل کرسکتا' صوبائی وزیر ابراہیم حسن مراد

لاہور (این این آئی) محکمہ لائیو اسٹاک پنجاب نے کسانوں کی رہنمائی کے لیے ایپ تیار کرنے کا فیصلہ کرلیا، جس میں محکمہ زراعت کی معلومات اور کسانوں کی رائے بھی شامل کی جائے گی۔ وزیر لائیو اسٹاک پنجاب ابراہیم (بقیہ نمبر 3)

آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت تاحیات نااہلی کا سپریم کورٹ کا ہی پرانا فیصلہ کالعدم قرار

سپریم کورٹ نے تاحیات نااہلی ختم کردی

نااہلی کی مدت کیس کا فیصلہ، سپریم کورٹ نے سیاستدانوں کی تاحیات نااہلی ختم کردی، سپریم کورٹ کے پاس آئین کے آرٹیکل 184(3) میں کسی کی نااہلی کا اختیار نہیں، عدالت عظمیٰ کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت نااہلی کی مدت کے کیس کا فیصلہ سنا دی جس کے تحت محمد نواز شریف اور جہانگیر ترین نے ہوئے سیاستدانوں کی تاحیات نااہلی ختم کر کی تاحیات نااہلی بھی ختم ہوگئی، سپریم کورٹ نے تاحیات نااہلی کے خاتمے کا فیصلہ 6-1 کے تناسب سے سنایا، جسٹس یحییٰ آفریدی نے فیصلے سے اختلاف کیا۔ تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 7 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ (بقیہ نمبر 17)

وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی سے رائل سعودی نیول فورسز کے کمانڈر وائس ایڈمرل فہد بن عبداللہ الغوفیلی ملاقات کررہے ہیں

پاک بحریہ اور سعودی نیول فورسز کے مابین اعلیٰ سطحی مذاکرات کا انعقاد

پاک بحریہ اور رائل سعودی نیول فورسز کے درمیان انتہائی گہرے تعلقات ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی نے 6 رکنی وفد کے ہمراہ پاکستان نیوی اور رائل سعودی نیول فورسز کے درمیان ایکسپرٹ لیول اسٹاف مذاکرات کے لیے سعودی عرب کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران وائس چیف نے رائل سعودی نیول فورسز کے کمانڈر وائس ایڈمرل فہد بن عبداللہ الغوفیلی (بقیہ نمبر 6)

سرگودھا میں 2024 کی پہلی 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کرکے آغاز کردیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں 2024 کی پہلی 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر کے آغاز کردیا گیا۔ جس میں مقررہ 3331 ٹیمیں 5 سال تک کی عمر کے ساڑھے 6 لاکھ سے زائد بچوں کو دو قطرے (بقیہ نمبر 7)

بحیرہ عرب میں جہاز تعینات کرنے کا حماس اسرائیل تنازع سے کوئی تعلق نہیں' پاک بحریہ

ہم حکومتی پالیسی کے مطابق فلسطینی مقصد کی مکمل حمایت کرتے ہیں، حوثیوں کے خلاف آپریشن کرنے والے کسی

پاک بحریہ کے افسران اور جوان فلسطینی کاز کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور غزہ میں اسرائیل کی طرف سے انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزیوں پر ہمارا دل خون کے آنسو روتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ نے وضاحت کی ہے کہ بحیرہ عرب میں پاک بحریہ کی جانب سے جہاز تعینات کرنے کا حماس اور اسرائیل کے تنازع سے کوئی تعلق نہیں ہے، ہم حکومتی پالیسی کے مطابق فلسطینی مقصد کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور حوثیوں کے خلاف آپریشن کرنے والے کسی امریکی اتحاد کا حصہ نہیں ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گزشتہ روز پاکستان بحریہ نے میری ٹائم س(بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی والٹن روڈ ریلوے کراسنگ فلائی اوور پر جاری تعمیراتی سرگرمیں کا معائنہ کررہے ہیں

باجوڑ' پولیس کی گاڑی کے قریب دھماکہ' 5 اہلکار شہید 27 زخمی پولیو مہم معطل

مذکورہ پولیس اہلکار انسداد پولیو مہم ٹیم کی سکیورٹی کے لیے جا رہے تھے کہ دھماکے کا نشانہ بنے، پولیس ٹرک مکمل طور پر تباہ

اس طرح کے بزدلانہ واقعات سے پولیس کے حوصلے پست نہیں ہوں گے، نگران وزیراعلیٰ خیبر پختون خوا کی واقعہ کی مذمت

باجوڑ/اسلام آباد (این این آئی) باجوڑ کی تحصیل ماموند میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی کے لیے جانے والی پولیس کی گاڑی کے قریب دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکار جاں بحق اور 27 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق باجوڑ کے علاقے بیلوٹ فرش میں دھماکا ہوا ہے جس کے نتیجے میں 5 پولیس اہل کار جاں بحق، اور 27 زخمی ہو گئے۔ باجوڑ پولیس نے بتایا کہ دھماکا پولیس کے ٹرک کے قریب (بقیہ نمبر 24)

پارٹی میں 99 فیصد افراد کی ٹکٹوں کی کنفرمیشن ہو چکی ہے، علی ظفر

یہ فیصلہ اور منظوری ہو چکی ہے کہ کون کہاں انتخابات لڑ رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی ظفر نے کہا ہے کہ پارٹی میں یہ فیصلہ اور منظوری ہو چکی ہے کہ کون کہاں انتخابات لڑ رہا ہے۔(بقیہ نمبر 9)

وکیل کے لباس میں عدالت آنے والے کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، 3 زخمی

پشاور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر ہونے والی فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کرنے والا شخص وکیل کے مخصوص لباس، کالے کوٹ پینٹ میں سیشن کورٹ آیا تھا۔ واقعے کے زخمیوں میں پولیس اہل کار بھی شامل ہے جسے لیڈی ریڈنگ ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ ذاتی (بقیہ نمبر 10)

ملک بھر میں رواں سال کی پہلی پولیو مہم کا آغاز

بلوچستان میں شدید برفباری کے باوجود انسداد پولیو مہم جاری

لاہور / کراچی / پشاور / کوئٹہ (این این آئی) ملک بھر میں مختلف دورانیے کی 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی انسداد پولیو مہم کا آغاز ہوگیا۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق رواں سال کی پہلی مہم کے دوران محکمہ صحت کی (بقیہ نمبر 11)

مسئلہ کشمیر کا حل جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کیلئے ناگزیر ہے' مشعال ملک

اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل سے بھارت کی ریاستی دہشت گردی کا نوٹس لینے اور مسئلہ کشمیر کو فوری حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے

معاون خصوصی وزیراعظم مشعال ملک نے کشمیریوں کو غزہ کی طرز پر اجتماعی سزا دینے پر مودی حکومت پر تنقید کی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے فاشسٹ نریندر مودی حکومت کو ہندوستانی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے لوگوں کے خلاف دہشت گردی کی تازہ اور تیز لہر پر تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ انڈیا کے غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے لوگوں کو غزہ کے لوگوں کی طرح اقوام متحدہ کے زیراہتمام حق خودارادیت کے ان کے منصفانہ مطالبے پر اجتماعی سزا دی جا رہی ہے۔ وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں (بقیہ نمبر 18)

ایک شخص سے دوستی کی خاطر اس عمر میں چالیس دن کا چلا کاٹا ہے، شیخ رشید

لال حویلی کے جس گھر میں رہتا ہوں ساری دنیا اس کو طوائف گھر کہتی ہے، سابق وزیر داخلہ

راولپنڈی (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ایک شخص سے دوستی کی خاطر اس عمر میں چالیس دن کا چلا کاٹا ہے، زندگی مشن کا (بقیہ نمبر 25)

مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے پاکستان میں برطانیہ کی ہائی کمشنر جین میرٹ ملاقات کررہی ہیں

صنعتوں میں ایکسل لوڈ مینجمنٹ نظام مزید موثر بنانے کی ہدایت

شفافیت یقینی بنانے کیلئے تمام سڑکوں پر ٹول ٹیکس آن لائن وصول کیا جائے گا' اجلاس میں فیصلہ

مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ کیلئے صوبے میں نو مقامات پر مستقل ویٹ سٹیشنز قائم کئے گئے ہیں' زاہد اختر زمان

لاہور (این این آئی) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے محکمہ ٹرانسپورٹ کو ہدایت کی ہے کہ صوبہ میں ایکسل لوڈ مینجمنٹ نظام مزید موثر بنایا جائے۔ انہوں نے یہ ہدایت یہاں سول سیکرٹریٹ میں اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ شفافیت یقینی بنانے کیلئے تمام سڑکوں پر ٹول ٹیکس آن لائن وصول کیا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ(بقیہ نمبر 12)

بم دھماکے میں شہید ہونے والے پانچ پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

ڈاکٹر آصف حسین کو سیکریٹری الیکشن کمیشن کا اضافی چارج دے دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سیکریٹری الیکشن کمیشن عمر حمید کے مستعفی ہونے کے بعد اسپیشل سیکریٹری آصف حسین کو سیکریٹری الیکشن کمیشن کا اضافی چارج دے دیا گیا ہے۔ آصف حسین اس وقت اسپیشل سیکریٹری ون کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آصف حسین سیکریٹری الیکشن کمیشن عمر حمید کی عدم موجودگی میں(بقیہ نمبر 19)

سپیکر قومی اسمبلی سے راؤ ایاز الکریم کی ملاقات

عوام بلاول بھٹو کا جوق در جوق ساتھ دے کر محبِ وطنی کا ثبوت دے، راجہ پرویز اشرف

اوکاڑہ (این این آئی) راجہ پرویز اشرف اسپیکر قومی اسمبلی اور سابق وزیراعظم پاکستان نے کہا ہے کہ عوام بلاول بھٹو کا جوق در جوق ساتھ دے کر محبِ وطنی کا ثبوت دے، بلاول بھٹو کے ہاتھ مضبوط ہوں تاکہ ملک ترقی کرے اور ملک میں خوشحالی آئے (بقیہ نمبر 26)

نامعلوم افراد کی کار پر فائرنگ، کمسن بچی سمیت 3 افراد جاں بحق

فائرنگ کا واقعہ سابقہ دشمنی کی وجہ سے پیش آیا، ملزمان فرار ہو گئے، پولیس

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چونترہ کے علاقے میں فائرنگ سے تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق راولپنڈی کے علاقے تھانہ چونترہ میں(بقیہ نمبر 20)

بھٹو سزائے موت صدارتی ریفرنس' فاطمہ اور ذوالفقار بھٹو جونیئر فریق بن گئے

سپریم کورٹ کے داخلی دروازے پر پی ٹی آئی رہنما لطیف کھوسہ اور بلاول بھٹو زرداری کا آمنا سامنا، دلچسپ جملوں کا تبادلہ

آئینی طور پر تو عدالت کے پاس ریفرنس پر رائے دینے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، عدالتی معاون مخدوم علی خان کے دلائل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی سزائے موت کے خلاف صدارتی ریفرنس کی سماعت کے دوران فاطمہ اور ذوالفقار بھٹو جونیئر فریق بن گئے۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 9 رکنی لارجر بینچ نے بھٹو ریفرنس کی سماعت کی۔ لارجر بینچ میں جسٹس سردار طارق مسعود، جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس امین (بقیہ نمبر 27)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں

کسی بھی غیر ملکی کو بغیر قانونی دستاویزات کے پاکستان میں رہنے کی اجازت نہ دی جائے گی، وزارت داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت داخلہ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ کسی بھی غیر ملکی کو بغیر قانونی دستاویزات کے پاکستان میں رہنے کی اجازت نہ دی جائے گی۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق سیکرٹری داخلہ(بقیہ نمبر 13)

لاہور میں تیزاب گردی کا واقعہ، خاتون ٹیچر کا چہرہ جھلس گیا

عائشہ طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل، طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے' پولیس

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ شاہدرہ میں خاتون پر تیزاب گردی کا واقعہ پیش آیا ہے۔ دو نامعلوم موٹرسائیکل سواروں(بقیہ نمبر 21)

سردی کی شدید لہر کے حوالے سے الرٹ جاری کر دیا گیا

ضلعی انتظامیہ مقامی سطح پر بھرپور مہم چلائے' تمام ڈپٹی کمشنرز کو مراسلہ جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے سردی کی شدید لہر کے حوالے سے الرٹ جاری کردیا۔ صوبہ بھر کے ڈپٹی کمشنرز کو احتیاطی تدابیر بارے(بقیہ نمبر 14)

الیکشن کمیشن نے انتخابات کیلئے نجی تعلیمی اداروں سے افرادی قوت مانگ لی

اسلام آباد /راولپنڈی (این این آئی) الیکشن کمیشن نے آئندہ ماہ 8 فروری کو منعقد ہونے والے عام انتخابات کے لیے نجی تعلیمی اداروں سے افرادی قوت مانگ لی۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے تعلیمی اداروں(بقیہ نمبر15)

وکیل کے خلاف ایف آئی آر پر وکیلوں کی ہرتال کے باعث ملاقاتی پریشان حال بیٹھے ہیں

راولپنڈی، پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، 700 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں ملاوٹی دودھ سپلائی کرنے والوں کے خلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کارروائیاں کرتے ہوئے 700 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف کر دیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا کہ فوڈ (بقیہ نمبر 29)

پاکستان مرکزی مسلم لیگ ''قومی یکجہتی الائنس'' کا حصہ بن گئی

پاکستان میں صرف مفادات کی سیاست ہو رہی ہے، جے یو آئی (س) بھی شامل ہونے جا رہی ہے، اعجاز الحق

لاہور (این این آئی) پاکستان مرکزی مسلم لیگ ''قومی یکجہتی الائنس'' کا حصہ بن گئی۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو نے اعجاز الحق کے ساتھ پریس کانفرنس میں فیصلے کا اعلان کیا۔ صدر مسلم لیگ (ض) اعجاز الحق نے بتایا کہ ہمارے مذاکرات گزشتہ تین ماہ سے جاری تھے، بہت سارے آزاد امیدوار موجود ہیں(بقیہ نمبر 28)

موسم شدید سرد، بالائی علاقوں میں بارش' برفباری سے معمولاتِ زندگی متاثر

میدانی علاقوں میں شدید دھند کا راج برقرار، موٹرویز مختلف مقامات سے بند، دھند کے باعث 12 پروازیں اڑان نہ بھر سکیں

بلوچستان کے بالائی پہاڑوں پر برفباری متوقع، صوبے کے دیگر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا' محکمہ موسمیات

اقراء یونیورسٹی میں اداکارہ یمنیٰ زیدی نئی فلم ''نایاب'' کی پروموشن کے موقع پر سیلفی بنارہی ہیں

لاہور / کوئٹہ / پشاور (این این آئی) ملک بھر میں شدید سردی کی لہر برقرار ہے، مختلف مقامات پر بارش اور برفباری سے معمولات زندگی متاثر ہوگئے، میدانی علاقوں میں شدید دھند کا راج برقرار ہے اور حد نگاہ کم ہونے کی وجہ سے موٹرویز کو مختلف مقامات سے بند کر دیا گیا جبکہ دھند کے باعث 12 پروازیں اڑان نہ بھر سکیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے شمالی علاقوں میں برف باری کا سلسلہ جاری ہے اور بالائی علاقوں میں بارش اور برفباری کے بعد پہاڑوں نے سفید چادر اوڑھ لی۔ مغربی ہواؤں کا سلسلہ بلوچستان میں داخل ہونے کے باعث صوبے کے 20 سے(بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد، رہنما پی ٹی آئی سید ظفر علی شاہ کے کاغذات نامزدگی منظور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں قائم الیکشن ٹریبونل نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما سید ظفر علی شاہ کے کاغذات نامزدگی منظور کر لیے ہیں۔ الیکشن اپلیٹ ٹریبونل کے جج جسٹس ارباب محمد طاہر نے کیس کی (بقیہ نمبر 31)

نیشنل ٹیسٹنگ سروس کا پیپر لیک ، امتحان ملتوی

پنجاب فارمیسی کونسل کا پرچہ سوشل میڈیا پر لیک ہوا، تحقیقات جاری ہیں' این ٹی ایس

لاہور (این این آئی) نیشنل ٹیسٹنگ سروس کا پیپر لیک ہوگیا، این ٹی ایس نے پیپر لیک ہونے پر امتحان ملتوی کر دیا۔ پنجاب فارمیسی کونسل کا پرچہ سوشل میڈیا پر لیک ہوگیا، فارمیسی ٹیکنیشن کے 2 سیشن کا پیپر ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب سوشل میڈیا پر سامنے آیا۔ رپورٹ کے مطابق پیپر لیک ہونے پر این ٹی ایس نے امتحان منسوخ کر دیا، 65(بقیہ نمبر30)

3 برس میں چائلڈ پورنوگرافی کے 185 کیسز رپورٹ

سائبر ٹیپ لائن کے ذریعے 150 اور 2 شکایات بیرونی ممالک کے سفارتخانے اور انٹرپول سے موصول ہوئیں

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی میں پیش کی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ملک بھر میں گزشتہ 3 سال میں چائلڈ پورنوگرافی کے 185 کیسز رپورٹ ہوئے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے چائلڈ پورنوگرافی کے کیسز اور مقدمات کی تفصیل سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ میں پیش کردی۔ ایوان بالا میں ایف آئی اے (بقیہ نمبر 22)

پاکستان نے امریکا کی جانب سے 'خصوصی تشویش کا ملک' قرار دینے کو مسترد کردیا

پاکستان ایک تکثیری ملک ہے جو بین المذاہب ہم آہنگی کی بھرپور روایت رکھتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکی محکمہ خارجہ کی طرف سے پاکستان کو 'خصوصی تشویش کا ملک' قرار دینے کو دوٹوک الفاظ میں مسترد کردیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہمیں اس بات پر شدید مایوسی ہوئی ہے کہ یہ متعصبانہ اور من مانی تشخیص پر مبنی ہے اور اس کا زمینی حقائق سے کوئی تعلق نہیں۔ بیان میں کہا (بقیہ نمبر 23)

کورونا کے نئے ویرینٹ جے این ون کی روک تھام سے متعلق ایڈوائزری جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا کے نئے ویرینٹ جے این ون کی روک تھام سے متعلق اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی (آئی ایچ آر اے) نے ایڈوائزری جاری کردی۔ ایڈوائزری میں بتایا گیا کہ شہری صابن اور پانی سے بار بار اور اچھی طرح ہاتھ دھوئیں، صابن اور پانی دستیاب نہ ہونے پر ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال (بقیہ نمبر 32)

سول ایوی ایشن اتھارٹی کے احکامات پر کئی ممالک میں کورونا کے کیسز میں اضافے کے بعد ایئر پورٹ کے لاونجز میں سپرے کیا جارہا ہے

ABC Certified
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ملک انتخابات کے التوا کا متحمل نہیں ہوسکتا

سینیٹ میں قرارداد یں منظور کر کے الیکشن کے التوا کی کوشش کا معاملہ سپریم کورٹ پہنچ گیا ہے۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور قرارداد یں منظور کرنے والے سینیٹ ارکان کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ وکیل اشتیاق احمد مرزا کی درخواست میں کہا گیا کہ سینیٹ میں قرارداد پاس کرنا توہین عدالت کے زمرے میں آتا ہے۔ 8 فروری کے انتخابات کے لیے سپریم کورٹ کمٹڈ اور الیکشن کمیشن تیار ہے۔ انتخابی سرگرمیاں شروع ہو چکی ہیں۔ انتخابی شیڈول پر عمل ہو رہا ہے۔ ایسے میں سینیٹ میں قرارداد منظور کر لی جاتی ہے۔ بعد از منظوری قرارداد اس پر واویلا شروع ہو جاتا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (نواز)، پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان تحریک انصاف اور دیگر پارٹیوں کی لیڈر شپ اس کی شدید مذمت کرتی ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کی طرف سے تو یہ بھی کہا گیا کہ قرارداد اقوام متحدہ اور اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) میں بھی منظور ہو جائے تو بھی انتخابات 8 فروری کو ہوں گے۔ اجلاس کے دوران 14 لوگ موجود تھے۔ ان میں مذمت کرنے والی پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے بھی شامل تھے مگر کسی ایک نے بھی کورم کی نشاندہی نہیں کی۔ پہلے تو یہ پارٹیاں اپنے ارکان کو شوکاز نوٹس دیں۔ ان کو کوئی خوف تھا یا لالچ میں آئے؟ کیسے کمپرومائز ہو گئے؟ آج ملک میں مسائل کا ایک انبار ہے۔ بحرانوں کی بھرمار ہے۔ دنیا نگرانوں کے ساتھ معاہدے نہیں کرتی۔ نگران عارضی مدت کے لیے آئے ہوتے ہیں بڑی پالیسیاں نہیں بنا سکتے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی اگلی قسط کے لیے شرط کا سب کو علم ہے۔ سیاسی اور معاشی استحکام کے لیے انتخابات کا 8 فروری کو انعقاد ناگزیر ہے ورنہ ہم بحرانوں اور مسائل میں پھنسے رہیں گے۔ اب کسی نے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا دیا ہے، ویسے بھی ہم آئین کے آرٹیکل چھ سے کم کی بات نہیں کرتے۔ پارلیمان میں ہونے والی گفتگو اور قراردادوں کو تحفظ حاصل ہے۔ قرارداد منظور کر لی گئی اس کی حیثیت رائے اور تجویز کی ہے۔ یہ کوئی قانون سازی نہیں ہے جس پر ہر صورت عمل ہونا ہے۔ حکومت اور الیکشن کمیشن اس قرارداد پر عمل کرنے کا پابند نہیں۔ آج پاکستان کو جس طرح کے حالات کا سامنا ہے، ملک انتخابات کے التوا کا متحمل ہو ہی نہیں سکتا۔ جس طرح سینیٹ میں غیر ضروری طور پر الیکشن کے التوا کی قرارداد پیش اور منظور کی گئی، اسی طرح سپریم کورٹ میں معاملہ بھی بلا ضرورت لے جایا گیا ہے۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی طرف سے واضح طور پر کہا گیا تھا کہ انتخابات کا 8 فروری کو انعقاد پتھر پر لکیر ہے اور اس حوالے سے میڈیا میں شکوک وشبہات کی بات کرنے پر مکمل پابندی ہے۔ اس کے باوجود انتخابات میں شکوک وشبہات کے حوالے سے میڈیا کا بے دریغ استعمال ہو رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ لاحاصل بحث سے نکلا جائے اور پوری توجہ انتخابات کے انعقاد پر مرکوز کر دی جائے۔

لکیر کے فقیر

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

انگریز نے برصغیر پر قابض ہونے کے بعد جب اپنا نظام تعلیم متعارف کروایا تو یہاں کے لوگوں کے لیے تعلیمی امتحان میں پاسنگ مارکس 33 فیصد مقرر کر دیے۔ یعنی کل نمبروں کا ایک تہائی حاصل کرنے والا امتحان میں پاس ہونے کا اہل ہوتا۔ اس پر ایک اور سہولت یا آسانی یہ دی گئی کہ امتحان میں دیے گئے سوالات میں چوائس کا مارجن بھی سو فیصد رکھ دیا گیا۔ یعنی اگر پانچ سوالات کے جوابات درکار ہوتے تو کل دس سوالات دیے جاتے۔ ان میں سے طالب علم اپنی مرضی کے پانچ سوال منتخب کر کے ان کے جوابات دے سکتا تھا۔ یہ بہت آسان ہوتا تھا۔ اگر کتاب کے دس ابواب ہوتے تو ہر باب سے ایک سوال لیا جاتا۔ طلبہ پہلے تین ابواب کو رٹا لگا کر آسانی سے پاس ہو جاتے۔ ستر فیصد نصاب کو چھوئے بغیر وہ اس مضمون میں پاس ہو کر قابلیت کے لحاظ سے جاہل ہی ہوتے تھے۔ یہی انگریز چاہتے تھے کہ محنت کی بجائے اس قوم کو سہل پسندی کا عادی بنایا جائے۔

جہاں تک انگریزوں کے اپنے ملک برطانیہ کا تعلق تھا تو وہاں ایسا سسٹم رائج نہ تھا۔ انہوں نے اپنے ملک میں پاسنگ مارکس دو تہائی یعنی 67 فیصد رکھے ہوئے تھے۔ برِصغیر میں رعایتی پیکیج کی وجہ انگریز یہ بتاتے تھے کہ ذہنی صلاحیتوں کے لحاظ سے برِصغیر کے لوگ انگریزوں کی نسبت آدھے معیار کے حامل ہیں۔ شاید انہوں نے یہ نتیجہ اس لیے نکالا ہو کہ یہاں کی عوام ہی نہیں، حکمرانوں کو بھی رعایا کی ترقی اور ملک کی خوشحالی سے کبھی کوئی دلچسپی نہ رہی تھی۔ انگریز حکمران جب اپنے ملک میں میڈیکل یونیورسٹیاں بنا رہے تھے تو ہمارے یہاں محبت کی یادگار تاج محل تعمیر ہو رہا تھا۔

حکمرانوں کی ترجیحات ہی ملک وقوم کے عروج وزوال اور مستقبل کا فیصلہ کرتی ہیں۔

انگریز یہاں سے چلے گئے مگر غلام قوم کے لیے انہوں نے جو نقوش تراشے تھے ہمارے حکمران کالے انگریزوں نے ان نقوش کو مشعلِ راہ بنا کر چلنا اپنے لیے اعزاز سمجھا اور آج تک سمجھتے آ رہے ہیں۔ انگریز نے اگر 33 فیصد نمبروں سے ہماری ذہانت کا پیمانہ مقرر کیا تھا تو ہم نے

آج 76 سال بعد بھی اپنے آپ کو دانستہ اسی کمتر درجے پر براجمان کر رکھا ہے۔ ہم احساسِ کمتری یا ذہنی غلامی سے نکل ہی نہیں پائے۔ البتہ اتنی تبدیلی ضرور کر دی ہے کہ طلباء سے تخلیقی صلاحیتیں چھیننے کی شعوری کوشش کرتے ہوئے امتحانی سوالیہ پرچہ جات میں کثیر الانتخابی سوالات اور مختصر جوابی سوالات کی بھرمار کر کے طالب علموں کے لیے مزید سہولت کاری پیدا کر دی ہے۔ کس قدر اچنبھے اور شرم کا مقام ہے کہ ہمارے مڈل سٹینڈرڈ کے امتحان میں کثیر الانتخابی سوالات کی بھرمار کی وجہ سے محض درست جوابات پر ٹِک کا نشان لگا کر ایسا طالب علم بھی پاس ہو سکتا ہے جسے اپنا نام بھی لکھنا نہ آتا ہو۔ ہم اپنے آپ کو آدھی ذہانت کا حامل سمجھنے کے احساسِ کمتری سے کبھی نکل سکے ہیں نا اس کی کوشش کبھی کی ہے۔ نتیجے کے طور پر تعلیم یافتہ جہلاء کی فوج ظفر موج پیدا کرتے چلے جا رہے ہیں۔ ضرورت ٹیکنیکل ایجوکیشن کی ہے لیکن المیہ یہ ہے کہ ہمارے نصاب میں شامل الیکٹریکل وائرنگ، زراعت، فرنیچر سازی وغیرہ جیسی مہارتوں والے مضامین ہمارے ہائی سکولوں میں پڑھائے ہی نہیں جاتے۔ شاید پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں درسی کتب مارکیٹ میں آنے سے پہلے ان کی گائیڈیں اور خلاصے بازار میں دستیاب ہوتے ہیں۔ حالانکہ ان پر سخت پابندی ہے اور ان کی اشاعت پر سزائیں مقرر کی گئی ہیں مگر کوئی بھی احتجاج نہیں کرتا۔

اساتذہ کا کام سہل ہو گیا ہے۔ وہ نوٹس تیار کرنے کے جھنجھٹ سے بچ گئے ہیں۔ طلباء کو رٹا سسٹم پر لگا دیا گیا ہے۔ اب تو ہمارے امتحانی نظام کی برکت سے میٹرک میں 98 سے 100 فیصد نمبر حاصل کرنے والوں کی ایک لمبی قطار نظر آتی ہے مگر ان میں سے ایک بڑی تعداد ایف ایس سی میں داخلے کے انٹری ٹیسٹ میں فیل ہو جاتی ہے۔ نوے فیصد سے زائد نمبر حاصل کرنے والے میٹرک کے بعد گمنام ہو جاتے ہیں۔ اتنے جینیئس طلباء کو میٹرک کے بعد بریک کیوں لگ جاتی ہے؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب سبھی جانتے ہیں مگر اصلاح کی کوشش اور ضرورت کوئی بھی محسوس نہیں کرتا۔

یہی حال ہمارے ہاں موسم گرما اور موسم سرما کی چھٹیوں کے معاملے کا ہے۔ انگریزوں نے دسمبر کا آخری ہفتہ کرسمس کی چھٹیوں کے لیے مختص کیا تھا جسے ہمارے ہاں سردی کی چھٹیوں کے طور پر رائج کیا گیا۔ ہم نے 76 سالوں سے اسی لکیر پر چلنا فرض سمجھ رکھا ہے۔ گزشتہ کئی سالوں سے موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث ہمارے ہاں دسمبر کی نسبت جنوری میں زیادہ سردی پڑتی ہے۔ مگر ہم آدھی ذہانت والے لوگ دسمبر کے آخری ہفتے میں سردی کی چھٹیاں کر کے اپنے گلے میں غلامی کی زنجیر ہونے کا عملی ثبوت دیتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر موسم کی شدت کو مدنظر رکھتے ہوئے ماہ جنوری میں ان چھٹیوں میں اضافہ کرنا پڑتا ہے۔ اس غیر سنجیدہ رویے کی وجہ سے طویل چھٹیوں کی بدولت ہونے والے تعلیمی نقصان کی کسی کو پرواہ ہے نا کسی نے اس پر کبھی سوچا ہے۔ یہی حال گرمی کی چھٹیوں کا ہے۔ موسم چاہے معتدل ہی کیوں نہ ہو یکم جون کو چھٹیاں کرنا ایسی روایت ہے جسے توڑنا شاید گناہ کے زمرے میں آتا ہے۔

یاد رکھیے! رجوع کرنا وقت کا تقاضا ہے۔ معروضی حالات کے پیشِ نظر اب ''اٹل فیصلوں'' کو ٹالنا ہو گا۔ لکیر کے فقیر بننے کی عادت کو ترک کر کے آگے بڑھنا ہو گا۔ ورنہ ہم آنے والی نسل کو وراثت میں قرضوں کے بوجھ کے علاوہ اور کچھ نہیں دے پائیں گے۔

پیٹ کے بیکٹیریا سماجی خوف کا سبب بننے میں اہم قرار

ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ پیٹ میں موجود مائیکروبز سوشل اینگزائیٹی ڈس آرڈر (ایس اے ڈی) میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ماضی میں کیے جانے والے مطالعوں میں یہ بات سامنے آئی تھی کہ اس کیفیت میں مبتلا افراد کے پیٹ کے مائیکروبائیوم (بیکٹیریا، وائرس، فنگی اور ان کے جینز کا مجموعہ) صحت مند افراد کے مقابلے میں مختلف ہوتے ہیں۔ جبکہ ایک تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پیٹ کے مائیکروبز دماغ پر اثر انداز یا اس کے برعکس معاملات ہو سکتے ہیں۔ سوشل اینگزائٹی ڈس آرڈر ایک ایسی کیفیت ہوتی ہے جس میں لوگ انٹرویو یا کلاس میں سوالات کے جواب دیتے، نئے لوگوں سے بات کرنے یا عوامی جگہ پر بات کرتے ہوئے گھبراتے ہیں۔ حال ہی میں کی جانے والی ایک تحقیق میں محققین کو معلوم ہوا ہے کہ جب ایس اے ڈی سے متاثر افراد کے پیٹ سے مائیکروبس ان چوہوں میں ٹرانسپلانٹ کیے گئے تب ان میں سماجی خوف کا ردِعمل میں اضافہ دیکھا گیا۔ ماضی کے مطالعوں پر مبنی تحقیق کے نتائج میں ڈپریشن سے لے کر آنتوں کے انفیکشن کے مسائل سامنے آئے۔ یونیورسٹی کالج کارک سے تعلق رکھنے والے تحقیق کے شریک مصنف پروفیسر جان کرائین کا کہنا تھا کہ سائنس دان یہ بات تو جانتے تھے کہ جینیات، ماحولیات اور دیگر عوامل ایس اے ڈی سمیت دیگر ذہنی مسائل کے لیے اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ یہ نئی تحقیق ہمارے پیٹ میں موجود حیاتیات کی اہمیت کو واضح کرتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بنیادی نکتہ یہ ہے کہ ہمیں اپنے پیٹ کے مائیکروبز کی دیکھ بھال کرنے کی ضرورت ہے بالخصوص نشونما اور بلوغت میں تاکہ سماجی دماغ کو مناسب طریقے سے فعال رکھا جا سکے۔ پروسیڈنگز آف دی نیشنل اکیڈمی آف سائنسز میں شائع ہونے والی تحقیق میں محققین نے چھ صحت مند اور چھ ایس اے ڈی سے متاثر افراد کے فضلے کے نمونوں کا ڈی این اے تجزیہ کیا جس نے دونوں گروہوں کے مائیکروبائیوم کے درمیان فرق کی تصدیق کی۔ بعد ازاں ان نمونوں کو لیبارٹری کے چھ چوہوں میں منتقل کیا گیا۔

چادریں

بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

help@noorekhuda.org

جنوری کا مہینہ اتوار کا دن میں پورے ہفتے کے ایسے کام جو دفتری اوقات کی وجہ سے نہ کر سکا آج وہ سب کرنے کے موڈ میں تھا کہ آج کا دن صرف اور صرف ذاتی گھریلو کاموں پر صرف ہو گا۔ لیکن پھر ایسا کام آن پڑا کہ گھر کے کام کسی دوسرے دن پر چھوڑ دیئے مجھے اچانک مقدس حیات بیٹی کا فون آیا کہ انکل رخسانہ حیات مرحومہ کی بیٹی ہوں وہ چند ماہ پہلے اللہ کو پیاری ہو گئیں اب ان کے کام میں نے اپنے ناتواں کندھوں پر اٹھائے ہیں کمزور نا سمجھ ہوں کیا آپ میری اماں کی طرح میری راہنمائی کریں گے تا کہ میری ماں کی روح قبر میں سکون سے سو سکے مقدس بیٹی کی کال سے مجھے مشک بیز کستوری میں بسی رخسانہ باجی یاد آ گئیں جو ظاہری باطنی طور پر اندر تک نیک تھیں۔ جن کو دیکھ کر مل کر میں ہمیشہ رشک کیا کرتا تھا کہ امریکہ جیسے بانجھ مادیت پرستی طلسم ہو شربا میں لپٹی تہذیب معاشرے میں فرشتوں جیسی رخسانہ باجی بھی ہے وہ جب بھی ملتی مجھے حیران کر دیتیں خدمت خلق انسانیت نوازی کے حقیقی معنوں میں علم بردار میں ان سے جب بھی ملتا تو حسرت سے کہتا کاش رخسانہ باجی جیسا دل کردار اللہ مجھے بھی عطا کرے انہوں نے جب سے میری کتابیں پڑھی تھیں مجھ سے بہت متاثر تھیں وہ جب بھی ملتیں وہ میری تعریفیں کرتیں میں ان کی تعریف کرتا رخسانہ باجی سے میری پہلی ملاقات چند سال پہلے ہوئی جب وہ امریکہ سے پاکستان آئیں تو مجھے فون کیا اور کہا سر میں امریکہ سے آپ کو بہت کال کرتی رہی ہوں لیکن بد قسمتی سے میری آپ سے بات نہیں ہو سکی۔ اس بار پھر میں خاص طور پر آپ سے ملنے پاکستان آئی ہوں اصل آخری بار جب پاکستان آئی تھی تو واپسی پر ائر پورٹ پر بک شاپ پر آپ کی کتاب ملی دوکاندار نے بہت تعریف کی تو میں نے خرید لی کیونکہ میں نے دوکاندار سے کہا تھا مجھے روحانیت بزرگوں کی کوئی کتاب دو اس نے مجھے آپ کی کتاب اسرار روحانیت دے دی میں امریکہ کے طویل سفر پر روانہ تھی طویل سفر پر اور تو کوئی کام نہ تھا آپ کی کتاب میں تنہائی اور سفر کی ساتھی بن گئی کتاب کا ہر ورق میری حیرتوں میں اضافہ کرتا گیا جو کھوج تلاش آپ کے اندر تھی یہی میرے اندر تھی مجھے لگا یہ تلاش حق کا یہ سفر آپ کا نہیں بلکہ میری زندگی کی داستان ہے پھر وہ دیر تک کتاب کی تعریف کرتی رہیں کیونکہ باجی رخسانہ روحانیت عشق الٰہی تصوف پر بات کر رہی تھیں جو میرا بھی پسندیدہ کام ہے۔ لہذا چند منٹوں کی کال ہمیں ایک دوسرے کے قریب لے آئی میں نے باجی کو اپنا ایڈریس بتایا تو وہ مقررہ وقت پر میرے سامنے موجود تھیں سفید بڑی چادر میں ساٹھ سال سے اوپر کی باجی رخسانہ باوقار انداز میں میرے سامنے تھیں مجھے کہنے لگی آپ عمر میں مجھ سے چھوٹے ہیں لیکن میں اگر آپ اجازت دیں تو آپ کو باباجی کہنا پسند کروں گی کیونکہ میرے باباجی اس دنیا سے جا چکے ہیں میری زندگی میں بہت کمی ان کی اس لیے اب میں وہی رشتہ آپ کے ساتھ قائم کرنا چاہتی ہوں میں نے خوش دلی سے باجی کو اجازت دی کہ اگر آپ مجھے باباجی کہیں گی تو مجھے بہت زیادہ خوشی ہو گی۔ باتوں کے دوران میرے پوچھنے پر بتایا کہ کس طرح وہ روحانیت فقیری کی طرف راغب ہوئیں کہ میں پانچ سال کی تھی جب میرے والد صاحب ہارٹ اٹیک سے ہمیں لاوارث دنیا میں چھوڑ کر چلے گئے میں والدین کی اکلوتی اولاد اور لڑکی تھی والد صاحب کے خاندان والوں نے بوجھ سمجھ کر مجھے اور میری ماں کو والدہ کے گھر میں بھیج دیا میری نانی اور ماموں جان امیر دولت مند نہیں تھے پرائمری سکول میں ٹیچر تھے ان کے پانچ بچے تھے گزارا بڑی مشکل سے ہوتا تھا میری ماں پڑھی لکھی نہیں تھیں اس لیے نوکری نہیں کر سکتی تھیں نہ ہی گھر میں بچوں کو ٹیوشن پڑھا سکتی تھیں صرف تھوڑی بہت سلائی کا کام جانتی تھیں کانوں میں موجود آخری بالیاں بیچ کر سلائی مشین خرید کر اب تھوڑی بہت سلائی کا کام شروع کیا جس سے بہت تھوڑا خرچہ آنا شروع ہوا۔ غربت ماموں اور ہمارے گھر کے چپے چپے پر قابض تھی عیاشی زندگی کی آسائشیں ہم سے کوسوں دور تھیں کیونکہ امی جان بہت اچھی کاریگر نہیں تھیں سادہ سے کپڑے سی لیتیں جن کے پیسے بھی بہت کم ملتے بھوک افلاس کی چکی تھی اور ہم ماں بیٹی جو زندگی کے دن گزار رہی تھیں جب بھی سردیاں آئیں ہم ماں بیٹی کے پاس گرم کپڑے چادریں نہیں ہوتی تھیں لہذا سردی میں کس طرح ٹھٹھر کر ہم موسم سرما کو گزارتیں یہ ہم ہی جانتی ہیں رات کو جس رضائی میں ہم ماں بیٹی سوتیں اس میں جگہ جگہ روئی نہیں تھی جس کی وجہ سے بہت سردی لگتی بیوہ ماں اور میں خودداری کی چادر میں ٹھٹھر رہی تھیں ماموں جان ہمارے ساتھ ظالمانہ رویہ نہیں رکھتے تھے۔ کیونکہ ان کے وسائل ہی نہ ہونے کے برابر اور پھر ہمیں کھانا دیتے تھے اس لیے ہم ان سے زیادہ تقاضہ بھی نہیں کرتی تھیں زندگی سوئی پر لٹکے گزار رہی تھی پھر میری زندگی میں وہ واقعہ رونما ہوا جب میں روحانیت درویشی سے واقف ہوئی میرے ماموں جان ایک بزرگ کے ساتھ منسلک تھے وہ مرشد سال میں ایک بار جب ہمارے علاقے کا دورہ کرتے تو ایک دن ماموں جان کی طرف بھی آتے اور رات بھی گزارتے اس بار جب وہ سفید داڑھی والے نورانی بزرگ آئے تو ماموں جان ان کو چھوٹا سا گھر دکھاتے ہمارے چھوٹے سے کمرے میں بھی لے آئے سردیوں کا موسم تھا ہمارے کمرے میں صرف ایک چارپائی اور سلائی مشین تھی باقی سارا کمرہ غربت کا منہ بولتا اشتہار تھا آنے والے بزرگ نیک رحم دل تھے۔ اور آ کر ماں کے سر پر ہاتھ پھیرا مجھے پیار کیا تو ماموں نے بتایا یہ میری یتیم بھانجی اور بہن ہے کمرے کی شکستہ حالت اور شدید سردی میں ہمارے ململ کے کپڑے اور دوپٹے دیکھ کر بزرگ سب سمجھ گئے تھوڑی دیر کھڑے دیکھتے رہے پھر نم آنکھوں سے چلے گئے بزرگ رات کو ہمارے گھر ٹھہرے ان کی عادت تھی وہ جہاں بھی جاتے اپنا نرم وگداز گرم بستر ساتھ لے کر جاتے اگلے دن جاتے وقت وہ پھر ہمارے کمرے میں آئے میری ماں کے سر پر ہاتھ رکھا کچھ پیسے دیئے اور کہا میرا بستر آپ دونوں کی چارپائی پر ہو گا جس میں تم دونوں ماں بیٹی آج کے بعد سوؤ گی ساتھ ہی گرم چادر اپنے کندھوں سے اتار کر میری ماں کے کندھوں پر ڈال دی اور باآواز بلند کہا آج سے یہ دونوں میری بیٹیاں ہیں پھر مجھے بہت پیار کر کے بزرگ چلے گئے۔ یہ پہلا محبت پیار تھا جو مجھے ملا وہ رات مجھے آج بھی یاد ہے جب ہم دونوں ماں بیٹی آرام سے گرم بستر میں سوئیں اب میں بڑی ہو رہی تھی اگر کبھی بازار یا سکول جاتی تو سردی سے بچاؤ کے لیے وہ گرم چادر ساتھ لے جاتی میری کل کائنات یہ گرم چادر تھی جو ماں لے کر مجھے اپنی نرم گرم آغوش لے لیتی زندگی چلتی رہی اس بھوک چھاؤں میں جوان ہوئی تو باباجی نے میری شادی امریکہ سے آئے اپنے مرید سے کر دی جو باباجی کا روحانی بیٹا اور امریکہ میں ڈاکٹر تھا میرے خاوند کے والدین وفات پا چکے تھے میری ماں کو اپنی ماں بنایا ہم دونوں کو امریکہ لے آیا خاوند مشہور خوب کمانے والا ڈاکٹر تھا جنت نما زندگی پر آسائشیں میری منتظر تھیں میرے مرشد باباجی نے ہم دونوں ماں بیٹی کو دوزخ سے نکال کر جنت جیسی زندگی دے دی۔ اس طرح میں بزرگوں سے واقف ہوئی چند سال پہلے میرے مرشد انتقال کر گئے تو مجھے مرشد کی تلاش تھی تو آپ کے پاس آ گئی بہت ساری باتیں کر کے رخسانہ حیات چلی گئیں وہ جب بھی پاکستان آتیں مجھ سے ملنے آتیں ان کی محبوب سخاوت گرم چادریں تھیں جو وہ ہر موسم سرما میں آ کر ضرورت مندوں میں تقسیم کرتیں اس کے علاوہ بھی بہت ساری یتیم مسکین خاندانوں کے وظیفے باندھ رکھے تھے پچھلے سال مجھے اطلاع ملی کہ رخسانہ باجی اب اس دنیا میں نہیں ہے تو بہت دکھ ہوا آج اس کی بیٹی نے فون کیا کہ آپ سے ملنا چاہتی ہوں تو میں نے فوری گھر بلا لیا تھوڑی دیر میں ہی مقدس حیات آ گئی۔ اور بولی میری ماں چلی گئی لیکن مجھے وصیت کر گئی ہیں کہ ان کی سخاوت کو جاری رکھوں پھر مجھے وہ اپنی کار کے پاس لے گئی جو گرم چادروں سے بھری ہوئی تھی میری آنکھیں نم ہو گئیں اور پھر بیٹی کے سر پر ہاتھ پھیرا دعا دی ضرورت مند کی لسٹ دی اور وہ چلی گئی مجھے رخسانہ باجی کی درویش کی دی ہوئی گرم چادر یاد آ گئی جس نے باجی کی زندگی بدل دی۔

شوبز SHOWBIZ

فلم انڈسٹری کی ویرانیاں دیکھ کر افسردہ ہو جاتی ہوں، ریما

ہمسایہ ملک کی سینما مارکیٹ بڑی ہے تو ہم بھی 25 کروڑ کی آبادی والا ملک ہیں



لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ وہدایتکارہ ریما نے کہا ہے کہ فلم سٹوڈیوز کی رونقیں بحال کرنے کے لئے سب کو مل کر دن رات محنت کرنا ہوگی، فلم انڈسٹری کی ویرانیاں دیکھ کر افسردہ ہو جاتی ہوں، جب ہم فلم انڈسٹری میں کام کرتے تھے تو فلم اسٹوڈیوز میں بڑی رونقیں اور گہما گہمی نظر آتی تھی۔ ایک انٹرویو میں ریما نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اچھی اور معیاری بنائی جائیں تا کہ ناراض فلم بینوں کو واپس سینماء گھروں میں واپس لایا جا سکے، ایک فلمساز پراجیکٹ نہ بجائے بلکہ مشترکہ سرمایہ کاری کی جائے۔

سری دیوی کے عشق میں جنون کی حد تک مبتلا تھا؛ کرن جوہر

شو ''کافی ود کرن'' میں سری دیوی کی بیٹیوں جھانوی اور خوشی کے ساتھ گفتگو

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے کامیاب ترین فلم ڈائریکٹرز میں ایک کرن جوہر نے انکشاف کیا ہے کہ وہ معروف اداکارہ آنجہانی سری دیوی سے دیوانہ وار محبت کرتے تھے اور ان کا عشق جنون میں بدل گیا تھا۔ اس بات کا انکشاف کرن جوہر نے اپنے شو ''کافی ود کرن'' میں سری دیوی کی بیٹیوں جھانوی اور خوشی کے ساتھ گفتگو میں کیا۔ معروف فلم ڈائریکٹر نے سری دیوی کے ساتھ اپنی ملاقاتوں کا احوال بی بتایا۔ ہدایت کار کرن جوہر نے جھانوی اور خوشی کو بتایا کہ ایک وقت تھا میں تمہاری ماں سری دیوی کا پرستار تھا اور ان سے جنون کی حد تک پیار کرتا تھا۔ میں سچ میں سری دیوی کے عشق میں مبتلا ہو گیا تھا۔ کرن جوہر نے بتایا کہ جب پہلی بار سری دیوی سے ملاقات کا موقع آیا تو میں بہت خوف زدہ تھا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ یہ 1993 کی بات تھی اور میں سری دیوی کے ساتھ فوٹو شوٹ کے لیے گیا تھا۔ بھارتی فلم ڈائریکٹر نے مزید کہا کہ مجھے سری دیوی سے اپنا تعارف کراتے ہوئے شدید ہچکچاہٹ ہو رہی تھی۔

زندگی میں مشکلات کا سامنا کرنا سیکھ لیا ہے، حمیرا ارشد

مشکلات سے بھاگیں گے تو یہ آپ کا تعاقب کریں گی، انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ حمیرا ارشد نے کہا ہے کہ عروج، زوال، آسانیاں، مشکلات زندگی کا حصہ ہیں اور میں نے ان کا سامنا کرنا سیکھ لیا ہے، اگر آپ مشکلات سے بھاگیں گے تو یہ آپ کا تعاقب کریں گی اس لئے ان کا سامنا کرنا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں حمیرا ارشد نے کہا کہ ہمیشہ زندگی میں آگے بڑھنے کی جستجو کی ہے اور اس میں کامیاب رہی ہوں۔ کسی بھی انسان کی زندگی میں آسانیاں ہیں تو اسے مشکلات کیلئے بھی تیار رہنا چاہیے کیونکہ وقت سدا ایک جیسا نہیں رہتا۔ میں نے مشکلات کا سامنا کرنا سیکھ لیا ہے اور ان سے خوفزدہ ہونے کی بجائے ان کا مقابلہ کرتی ہوں۔

انڈسٹری میں میری اور شبنم کی جوڑی بڑی مقبول ثابت ہوئی' ندیم بیگ

ہیرو کے ساتھ ولن کا کردار بھی ادا کرنا چاہتا تھا مگر کوئی پروڈیوسر رسک لینے کے لئے تیار نہیں تھا

لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کے سینئر اداکار ندیم بیگ نے کہا ہے کہ پاکستان فلم انڈسٹری میں میری اور شبنم کی جوڑی بڑی مقبول ثابت ہوئی، شبنم نے انتہائی پروفیشنل اداکارہ کے طور پر پہچان بنائی، شبنم ہمیشہ فلم کے سیٹ پر مقررہ وقت پر موجود ہوتیں اور میں اکثر تاخیر سے فلم کے سیٹ پر پہنچتا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جب میں فلم انڈسٹری میں داخل ہوا تو اس وقت شبنم، رابن گھوش سے شادی کر کے فلموں سے کنارہ کشی اختیار کر چکی تھیں اور بعد میں جب دوبارہ فلموں میں آئیں تو پھر ان کی اور میری جوڑی سب سے زیادہ مقبول رہی۔ میں نے بابرہ شریف کے ساتھ بھی فلموں میں کام کیا۔

رقص ایک خوبصورت آرٹ ہے، پلک رانا

لاہور (این این آئی) اسٹیج کی خوبرو اداکارہ پلک رانا نے کہا ہے کہ اسٹیج پر کلاسیکل ڈرامے پیش کرنے کی ضرورت ہے، رقص ایک خوبصورت آرٹ ہے، جس پر فارم کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں، اس فن کے لئے فنکار کو خون وجگر دینا پڑتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ڈرامے میں جاندار اسکرپٹ ہو اور اس کے ساتھ ہماری ثقافت کے مطابق گانے بھی اس کا حصہ ہوں تو اسٹیج ڈرامہ ہٹ ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ اپنے پرستاروں کی امیدوں پر پورا اتروں اور اس کے لئے بھرپور محنت کرتی ہوں۔

بعض اوقات لوگ بلاوجہ تنقید بھی کرتے ہیں، ماہرہ خان

ایمانداری، لگن سے کام کرنیوالے لوگ ایک دن ضرور اپنی منزل پر پہنچ جاتے ہیں

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ ماہرہ خان نے کہا ہے کہ ایمانداری اور لگن سے کام کرنے والے لوگ ایک دن ضرور اپنی منزل پر پہنچ جاتے ہیں، تنقید ضرور ہونی چاہیے لیکن یہ اصلاح کی غرض سے کی جائے تو دکھ نہیں ہوتا، بعض اوقات لوگ اپنی تسکین کے لئے تنقید کرتے ہیں جس پر بہت دکھ ہوتا ہے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ مجھے ٹی وی ڈراموں کے ذریعے شہرت ملی اور پھر بڑی سکرین میرا مقدر بنی اور وہاں سے میں بالی ووڈ پہنچ گئی جہاں شاہ رخ خان کے مدمقابل مرکزی کردار ادا کیا۔

میں کبھی شہرت کے لئے شارٹ کٹ راستہ استعمال نہیں کیا

محنت سے کامیابی کا سفر طویل ضرور ہوتا ہے مگر انسان کی عزت ضرور محفوظ رہتی ہے، ہما علی

لاہور (این این آئی) فلم، ٹی وی اور اسٹیج کی خوبرو اداکارہ ہما علی نے کہا ہے کہ شوبز کی دنیا میں سنجیدگی سے کام کر کے نام کمانا مشکل ہے اور اب آئٹم سونگ کا رواج پروان چڑھ رہا ہے۔ اسٹیج ڈراموں میں غیر مناسب رقص اور اشارے کر کے اداکارائیں ایک دوسرے پر سبقت لینے کی جلد بازی میں مصروف ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے والد ممتاز ملک کا تعلق بھی فلم انڈسٹری سے تھا مگر انہوں نے بھی میری سفارش نہیں کی البتہ کامیابیوں کے جس سفر کی جانب گامزن ہوں اس میں میرے والدین کی خصوصی دعائیں شامل ہیں۔ ہما علی نے کہا کہ مجھے میرے والدین نے ہمیشہ اس بات کی تلقین کی کہ صرف محنت سے اپنا نام بنانا ہے اور خدا کا شکر ہے کہ میں نے اس بات کو پلے باندھ لیا۔

سپورٹس SPORTS

آئی سی سی ایوارڈز 2023 کیلئے ابتدائی 4 کیٹیگریز کی نامزدگیوں کا اعلان، کوئی پاکستانی شامل نہیں

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ایوارڈز 2023 کیلئے ابتدائی 4 کیٹیگریز کی نامزدگیوں کا اعلان کر دیا گیا، فہرست میں کوئی پاکستانی کھلاڑی شامل نہیں ہے۔ ایمرجنگ مین کرکٹر آف دی ایئر کیلئے نیوزی لینڈ کے رچن رویندرا، بھارت کے یاشاسوی جیسوال، سری لنکا کے دلشان مدوشانکا اور جنوبی افریقہ کے جیرالڈ کوئٹزے کا نام شامل ہے۔ آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی کرکٹر آف دی ایئر کے لئے بھارت سوریا کمار یادیو، زمبابوے سکندر رضا، نیوزی لینڈ کے مارک چیپ مین، یوگانڈا کے الپیش رجمانی کو نامزد کیا گیا۔ آئی سی سی ویمن کرکٹر آف دی ایئر اور آئی سی سی ایمرجنگ ویمن کرکٹر آف دی ایئر کی نامزدگی میں بھی کوئی پاکستانی کھلاڑی شامل نہیں ہے، دیگر کیٹیگریز کے ناموں کا اعلان جمعرات کو کیا جائے گا۔

آئی سی سی نے اسٹمپنگ ریویو کے قانون میں تبدیلی کردی

فیلڈ امپائر صرف بیٹر کی کریز پوزیشن چیک کروا سکے گا، رپورٹ

دبئی (این این آئی) آئی سی سی نے اسٹمپنگ ریویو کے قانون میں تبدیلی کر دی جس کے مطابق فیلڈ امپائر صرف بیٹر کی کریز پوزیشن چیک کروا سکے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کرکٹ میں فیلڈنگ سائیڈ کی طرف سے اسٹمپنگ کی اپیل پر اپنا شک دور کرنے کیلئے آن فیلڈ امپائر تھرڈ امپائر سے رجوع کرتا تو وکٹوں کے پیچھے کیچ سمیت دیگر نوعیت کے آؤٹ بھی چیک ہو جاتے تھے، یوں ریویو لیے بغیر بھی بولر کو وکٹ حاصل کرنے کا موقع مل جاتا، البتہ یکم دسمبر سے اس قانون میں تبدیلی کر دی گئی ہے۔ اگر فیلڈ امپائر تھرڈ امپائر سے رائے طلب کرتا ہے تو وہ صرف اسٹمپنگ کے حوالے سے فیصلہ کرے گا، کسی اور نوعیت کا آؤٹ ہوا بھی تو فیصلہ بولنگ سائیڈ کے حق میں نہیں دیا جائے گا، اس کیلئے ریویو لینا پڑے گا۔ آئی سی سی ذرائع کے مطابق آن فیلڈ امپائر اسٹمپنگ چیک کرتا تو بولنگ سائیڈ کو مفت کا ریویو مل جاتا اب اس حوالے سے سیدھا اور واضح قانون متعارف کروا دیا گیا جس میں صرف سائیڈ اینگلز سے دیکھا جائے گا کہ اسٹمپنگ کے وقت بیٹر کریز کے باہر تھا یا نہیں۔ ایک اور قانون تبدیل کرتے ہوئے واضح کیا گیا کہ اگر کوئی ایسا کھلاڑی کنکشن کا شکار ہو جس کو اس وقت بولنگ سے معطل کیا گیا ہو تو اس کی جگہ لینے والے کو بھی بولنگ کی اجازت نہیں ہوگی۔



غزہ کے حوالے سے پوسٹ، الجزائر کے فٹبالر کو سزا سنا دی گئی

الجزائر کے فٹ بالر فوری طور پر جیل میں وقت گزارنے کی ضرورت نہیں ہوگی

پیرس (این این آئی) فرانس کی ایک عدالت نے الجزائر کے فٹ بالر یوسف اتال کو غزہ جنگ کے بارے میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پوسٹ شیئر کرنے پر 8 ماہ قید کی سزا سنا دی۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق فرانس کی نائس کرمنل کورٹ نے 3 جنوری 2024 کو مقدمے کی سماعت کرتے ہوئے کہا کہ یوسف اتال کی جانب سے اکتوبر 2023 میں کی گئی سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ویڈیو میں انہوں نے مذہب کی بنیاد پر نفرت کو ہوا دی۔ عدالت نے فٹ بالر کو 8 ماہ قید کی سزا سناتے ہوئے 45 ہزار یورو (49 ہزار ڈالرز) جرمانہ ادا کرنے کا بھی حکم دیا۔ رپورٹ کے مطابق الجزائر کے فٹ بالر فوری طور پر جیل میں وقت گزارنے کی ضرورت نہیں ہوگی، اس کے بجائے وہ عدالت کی طرف سے مقرر کردہ بعض شرائط کے تحت آزاد رہ سکتے ہیں، اگر ایک 8 ماہ کی پروبیشن مدت کے دوران شرائط کی خلاف ورزی کی جاتی ہے تو معطل سزا کو فعال کیا جا سکتا ہے جس کے نتیجے میں وہ قید خانے جا سکتے ہیں۔

نیوزی لینڈ کا پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی میچز کیلئے ٹیم کا اعلان

کیوی ٹیم میں میٹ ہینری اور لوکی فرگوسن کی واپسی ہوئی ہے

ولنگٹن (این این آئی) نیوزی لینڈ نے پاکستان کیخلاف پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز کیلئے ٹیم کا اعلان کر دیا، کیوی ٹیم نے 15 رکنی کھلاڑیوں کا اعلان کیا ہے۔ کیوی ٹیم میں میٹ ہینری اور لوکی فرگوسن کی واپسی ہوئی ہے، کپتان کین ولیمسن اور لوکی فرگوسن تمام پانچ میچز نہیں کھیلیں گے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ نے کہا کہ کپتان کین ولیمسن پانچ میچز کی سیریز کا تیسرا میچ نہیں کھیلیں گے، ان کی جگہ میچ میں جوش کلارکسن شریک ہوں گے۔ کین ولیمسن کی عدم موجودگی میں مچل سینٹنر تیسرے میچ میں کپتان ہوں گے، اسی طرح لوکی فرگوسن کی جگہ ابتدائی دو میچز میں بین سیئرز حصہ لیں گے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ کے مطابق ٹرینٹ بولٹ اور جمی نیشم لیگز میں مصروفیات کی وجہ سے سیریز نہیں کھیلیں گے جبکہ کائل جیمیسن اور مائیکل بریسویل مکمل فٹ نہیں۔ نیوزی لینڈ کے 15 کھلاڑیوں میں کین ولیمسن، فن ایلن، مارک چیپمین، جوش کلارکسن، لوکی فرگوسن، میٹ ہینری، ایڈم ملنے، ڈیون کانوے اور ڈیرل مچل شامل ہیں۔ پاکستان کے خلاف سیریز میں گلین فلپس، مچل سینٹنر، بین سیئرز، ٹم سیفرٹ، اش سودھی اور ٹم ساؤتھی بھی کیوی ٹیم کا حصہ ہیں۔ کیوی بورڈ کے مطابق پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں رچن رویندرا کو آرام دیا گیا ہے۔ ،پاکستان اور

قومی ٹیم میں شمولیت پر پُرجوش ہوں، حسیب اللہ

لاہور (این این آئی) نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی 20 ٹیم میں منتخب ہونے والے نوجوان وکٹ کیپر بیٹر حسیب اللہ نے کہا ہے کہ قومی ٹیم میں شمولیت پر پُرجوش ہوں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہر کھلاڑی کی طرح اُن کا بھی خواب تھا کہ پاکستان ٹیم کا حصہ بنیں۔ حسیب اللہ نے کہا کہ ڈومیسٹک پرفارمرز کو سلیکٹ کیا جا رہا ہے جو اچھی بات ہے۔ ڈومیسٹک کرکٹ سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے پاکستان ٹیم میں منتخب ہونے والا دوسرا کھلاڑی ہوں، بلوچستان اکیڈمی میں نئے لڑکوں کی تعداد بڑھ گئی ہے۔

آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا ابتدائی شیڈول تیار

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 4 جون سے 20 جون تک امریکا اور ویسٹ انڈیز میں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) رواں سال ہونے والے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا ابتدائی شیڈول تیار کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ہر آئی سی سی ایونٹ کی طرح اس بار بھی پاکستان اور بھارت کو ایک ہی گروپ میں رکھا گیا ہے۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 4 جون سے 20 جون تک امریکا اور ویسٹ انڈیز میں ہوگا جس میں 20 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ پہلے راؤنڈ میں پانچ، پانچ ٹیمیں چار گروپس میں مقابلہ کریں گی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور بھارت کے ساتھ گروپ میں آئرلینڈ، کینیڈا اور میزبان امریکا بھی شامل ہے اس لیے پہلے راؤنڈ میں اس گروپ کے زیادہ تر میچز امریکا میں ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ٹیم پہلا میچ 6 جون کو ڈیلیس میں امریکا کے خلاف کھیلے گی جس کے بعد 9 جون کو نیویارک میں پاکستان اور بھارت کا میچ تجویز ہے جبکہ 11 جون کو پاکستان اور کینیڈا کا میچ نیویارک میں ہی ہوگا۔ 16 جون کو پاکستان اور آئرلینڈ کے درمیان میچ فلوریڈا میں شیڈول ہے۔ پہلے راؤنڈ میں شریک ہر چار گروپس میں سے دو ٹاپ ٹیمیں سپر ایٹ راؤنڈ میں کوالیفائی کریں گی جہاں انہیں 2 گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔

جب تک چیف سلیکٹر ہوں کسی کھلاڑی کیساتھ ناانصافی نہیں ہوگی: وہاب ریاض

کوشش ہے ماضی میں کھلاڑیوں کے ساتھ جو ناانصافیاں ہوئیں وہ نہ ہوں، چیف سلیکٹر

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے چیف سلیکٹر وہاب ریاض نے کہا ہے کہ چار سال سے ڈومیسٹک کرکٹ سے کسی کھلاڑی کو اوپر نہیں آنے دیا گیا تاہم جب تک میں ہوں کسی کھلاڑی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی۔ ایک انٹرویو میں چیف سلیکٹر وہاب ریاض نے کہا کہ نئے سال میں کچھ اہداف مقرر کیے ہیں، ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بہترین ٹیم کمبی نیشن بنانا ہدف ہے، مڈل آرڈر بیٹنگ کے ایشوز کو حل کرنا بھی اہداف میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اور رضوان کے سوا کوئی بھی تسلسل سے پرفارم نہیں کر رہا، چار سال سے ڈومیسٹک کرکٹ سے کسی کھلاڑی کو اوپر نہیں آنے دیا گیا، کوشش ہے ماضی میں کھلاڑیوں کے ساتھ جو ناانصافیاں ہوئیں وہ نہ ہوں، جب تک میں ہوں کسی کھلاڑی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی۔

بقیہ 1

حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے بلندی درجات کی دعا کی اور ان کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے حملے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کی بھی دعا کی اور انہیں ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم سکیورٹی اہلکاروں اور پولیو ورکرز کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد کبھی بھی اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک سے پولیو وائرس کے مکمل خاتمے تک انسداد پولیو مہم بھرپور طریقے سے جاری رہیگی، عوام پولیو ویکسین کے حوالے سے کسی بھی منفی پروپیگنڈے کے دھوکے میں نہ آئیں۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ الازہر اور دنیا بھر کے علما کرام پولیو کے انسداد کے پروگرام کی توثیق کر چکے ہیں۔

بقیہ 2

کرام کی سہولت کے پیش نظر مزید معاہدے طے کیے جائیں گے، پاکستانی وفد حجاج کو سہولیات فراہم کرنے والی کمپنیوں کے اسٹالز کا دورہ کرے گا۔

بقیہ 3

حسن مراد کی زیر صدارت لاہور میں محکمہ لائیو اسٹاک سے متعلق اجلاس ہوا۔ اجلاس سے خطاب میں صوبائی وزیر ابراہیم حسن مراد نے بتایا کہ ایپ کا نام لائیو اسٹاک کسان رہنمائی ایپ ہوگا، اس ایپ کے ذریعے صارف اپنی مطلوبہ معلومات حاصل کرسکتا ہے۔ ابراہیم حسن مراد نے مزید بتایا کہ ایپ میں خدمات کی فراہمی کے حوالے سے درجہ بندی ہوگی جو کہ عملے کی کارکردگی کو ظاہر کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کم ریٹنگ والے ملازمین کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، بہترین کارکردگی دکھانے والے ویٹرنری اسٹاف کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیئے جائیں گے۔

بقیہ 4

بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی نے دھماکے کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا۔ اسپیکر نے شہدا کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اسپیکر نے شہدا کے درجات کی بلندی کیلئے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعاء ہے۔ اسپیکر نے دھماکے کے نتیجے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد بزدلانہ کارروائیوں سے سیکورٹی فورسز کے حوصلے متزلزل نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشتگردی خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 5

گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سیکورٹی فورسز اور آرمی نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ پیر کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے اس دہشتگردانہ حملے کے نتیجے میں جام شہادت نوش کرنے والے متعدد سیکورٹی اہلکاروں کے خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور غمزدہ خاندانوں کو صبر وجمیل عطا کرے۔ چیئرمین سینیٹ نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا بھی کی۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ دہشت گرد ترقی کے عمل کو روکنا چاہتے ہیں جس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سیکورٹی فورسز اور آرمی نے لازوال قربانیاں دی ہیں، خطے کے امن کے بقا کے لیے سیکورٹی فورسز اور عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن کے لیے دہشت گردی کے خلاف ہمیشہ آواز اٹھاتا رہے گا، ایسے بزدلانہ حملے ملک میں امن وامان کی صورتحال کو سبوتاژ نہیں کرسکتے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی، قائد ایوان سینیٹ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور قائد حزب اختلاف سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے بھی باجوڑ کی تحصیل ماموند میں پولیو ٹیم کی سیکورٹی کے لیے جانے والے پولیس ٹرک کے قریب دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے اس دہشت گرد حملے کے نتیجے میں شہدا کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد پوری انسانیت کے دشمن ہیں۔ پاکستان دہشت گردی کے ناسور کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 6

سے بھی ملاقات کی۔ ملاقاتوں میں باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ تعاون کو مزید بڑھانے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک بحریہ اور رائل سعودی نیول فورسز کے درمیان انتہائی گہرے تعلقات ہیں اور بہت سے آپریشنل اور تربیتی امور میں باہمی تعاون پایا جاتا ہے، جس کا ایک اہم مظہر دونوں بحری افواج کی مشترکہ بحری مشق نسیم البحر کا باقاعدہ انعقاد ہے۔

بقیہ 7

ویکسین کے پارہی ہیں۔ جس میں تمام ورکرز ٹیموں کو مکمل سیکورٹی فراہم کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میں 2024 کی پہلی 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال میں افتتاح کر کے آغاز کردیا گیا جس میں بتایا گیا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران ضلع میں پانچ سال تک کی عمر کے 6 لاکھ 63 ہزار سے زائد بچوں کو دو قطرے ویکسین پلائی جارہی ہے جس کے لئے سات ہزار سے زائد ورکرز پر مشتمل 3331 ٹیموں سرگرم عمل ہیں جن کو مکمل سیکورٹی فراہم کر کے مانیٹرنگ کیا جائے گا۔ حکام کا کا کہنا ہے کہ 5 روزہ انسداد پولیو مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے حکومت کے مائیکرو پلان کے تحت عملدرآمد کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ گزشتہ خامیوں کا ازالہ ہوسکے۔ محکمہ صحت نے واضح کیا کہ پولیو کا ہر راؤنڈ اہمیت کا حامل ہوتا ہے لہذا متعلقہ سٹاف اپنی ذمہ داریاں کماحقہ پوری کریں اور دوران مہم والدین کی آگاہی کے لئے تمام تر تشہیری ذرائع بروئے کار لائے جائیں۔ تاکہ ان میں احساس ذمہ داری برقرار رہے۔ محکمہ صحت نے بتایا کہ تحصیلوں میں انسداد پولیو مہم میں جذبہ خدمت سے فرائض انجام دیئے جارہے ہیں جن میں کسی معمولی غفلت یا لاپرواہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 8

سیکورٹی کے حالیہ واقعات کے پیش نظر بحیرہ عرب میں اپنے بحری جہاز تعینات کرنے کا اعلان کیا تھا۔ بحری جہازوں کی بحیرہ عرب میں تعیناتی پر جماعت اسلامی کے رہنما سینیٹر مشتاق احمد خان نے ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا تھا کہ پاک بحریہ وضاحت کرے کہ یہ اقدام اہلیان یمن/حوثیوں غزہ اسرائیل جنگ کے تناظر میں اسرائیل کی سپلائی لائن کاٹنے کے لیے کی گئی کاروائیوں کے خلاف تو نہیں؟ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پاکستان سے اس پر نظرثانی اور فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اہلیان یمن اور حوثی قبلہ اول کی آزادی کی جنگ لڑنے والے اہلیان غزہ اور حماس کے ساتھ ہیں، اسرائیل گزشتہ 3 ماہ سے اہلیان غزہ کی نسل کشی کررہا ہے اور اہلیان یمن اور حوثی اسرائیلی دہشت گردی پر ردعمل میں کارروائی کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اہلیان یمن اور حوثی یہ کارروائیاں اسرائیل اور عالمی برادری پر غزہ میں اسرائیل کے ہاتھوں قتل عام روکنے کے لیے دباؤ بڑھانے کی پریشر تکنیک کے طور پر کر رہے ہیں لیکن افسوس کی بات تو یہ ہے کہ اہلیان غزہ کی ناکہ بندی کی گئی ہے، وہاں پر پانی، خوراک، ادویات کی شدید قلت ہے لیکن اس کو توڑنے کے لیے کوئی بحری جہاز امدادی سامان لے کر نہیں جاتا بلکہ اسرائیل کو تیل اسلحہ کی سپلائی کی جاتی ہے۔ انہوں نے سینیٹ میں اس معاملے پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان انڈونیشیا اور ترکی ایک بین الاقوامی فلوٹیلا بنا کر خوراک، ادویات، پانی اور دوسری ضروری امداد لے کر غزہ تک پہنچائے۔

بقیہ 9

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ تحریک انصاف اگلے 24 گھنٹے میں ٹکٹوں کیلئے نامزد ناموں کا اعلان کرے گی، ٹکٹوں کی تقسیم کیلئے منظوری دی جاچکی ہے، ٹکٹوں کی 98 یا 99 فیصد افراد کی کنفرمیشن ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ اور منظوری ہوچکی ہے کہ کون کہاں انتخابات لڑرہا ہے، محض ایک یا 2 فیصد نشستوں پر کچھ معاملات ہیں جو طے ہونے ہیں، ایک دوروز میں ٹکٹوں کی تقسیم اور نامزد امیدواروں کا اعلان کردیا جائیگا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے اور عدالتی حکم نامے کے ساتھ ہی اعلان ہو جائیگا، وکلا اور ورکرز کا کوئی تناسب نہیں تاہم وکلا کی کافی تعداد کو ٹکٹیں دی جارہی ہیں، وکلا کی بڑی تعداد ہے، جن کو ٹکٹیں دی جارہی ہیں۔

بقیہ 10

دشمنی کا شاخسانہ لگتی ہے، فائرنگ کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے، مزید تحقیقات شروع کردی گئیں

بقیہ 11

پولیو مہم میں ملک کے تمام 159 اضلاع میں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ صوبہ پنجاب میں ایک ہفتے تک جاری رہنے والی پولیو مہم کے دوران 2 کروڑ 25 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، محکمہ صحت نے اس حوالے سے لاہور، فیصل آباد اور ملتان کو حساس ترین شہر قرار دیا ہے۔ صوبہ سندھ میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم 8 سے 14 جنوری تک جاری رہے گی، صوبے کے 30 اضلاع میں ایک کروڑ سے زائد بچوں کو پولیو وائرس سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ پولیو مہم پر سینتیس ہزار سے زائد ویکسی نیشن ٹیموں کی حفاظت پر 4 ہزار 2 2 5 سکیورٹی اہلکار مامور ہوں گے۔ نگراں وزیر صحت کا کہنا تھا کہ سندھ 28 مقامات سے حاصل کردہ ماحولیاتی نمونوں میں 11 میں پولیو وائرس پایا گیا۔ گزشتہ برس کراچی کی یوسی گجرو ضلع شرقی کے دو بچوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی تھی۔ اس کے علاوہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں شدید برفباری کے باوجود انسداد پولیو مہم جاری ہے۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوئی۔ زیارت، پشین اور کان مہترزئی میں برفباری ہورہی ہے، پولیو ورکرز برفباری میں بھی بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے میں مصروف ہیں۔ سیکریٹری صحت عبداللہ نورزئی کا کہنا ہے کہ صوبے سے پولیو کے خاتمے کا عزم کر رکھا ہے، والدین اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے سمیت حفاظتی ٹیکے لگوائیں۔ گلگت بلتستان میں 5 روزہ مہم کے دوران 2 لاکھ پچاس ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے۔

بقیہ 12

صوبہ میں 1700 کلومیٹر شاہراہوں پر ایکسل لوڈ مینجمنٹ پر کامیابی سے عملدرآمد کرایا جارہا ہے اور مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ کیلئے صوبے میں نو مقامات پر مستقل ویٹ سٹیشنز قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقررہ حد سے زائد وزن لوڈ کرنے پر مال بردار گاڑیوں کیخلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جارہی ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ایکسل لوڈ قوانین پر عمل نہ ہونے سے اربوں روپے کی لاگت سے تعمیر ہونیوالی سڑکوں کو نقصان پہنچتا تھا، ایکسل لوڈ مینجمنٹ کے ذریعے حادثات اور سڑکوں کی ٹوٹ پھوٹ کے نقصان سے بچایا جاسکے گا۔ انہوں نے ایکسل لوڈ مینجمنٹ پر کامیابی سے عملدرآمد پر سیکرٹری ٹرانسپورٹ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی اور چیئرمین پی آئی ٹی بی فیصل یوسف کی کوششوں کو سراہا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ نئی سڑکوں کی تعمیر کی بجائے 133 بین الاضلاعی سڑکوں کی تعمیر ومرمت کو ترجیح دی گئی جن میں سے 104 سڑکوں کی مرمت و بحالی کا کام جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ احمد جاوید قاضی نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ تمام اضلاع کے داخلی راستوں پر مال بردار گاڑیوں کیلئے وزن کی حد سے متعلق سائن بورڈز نصب کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس، پنجاب ہائی ویز پولیس کی معاونت سے 17 اہم کوریڈورز پر ایکسل لوڈ قوانین نافذ کئے گئے ہیں۔ اجلاس میں محکمہ قانون، مواصلات وتعمیرات کے سیکرٹریز، پنجاب ہائی ویز پولیس کے حکام اور متعلقہ افسران نے شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔

بقیہ 13

کی زیر صدارت غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی واپسی کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں نادرا، پاسپورٹ آفس، صوبائی حکومتوں اور دیگر اداروں کی نمائندگان نے شرکت کی۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی اپنے وطن واپسی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی واپسی کا عمل جاری ہے۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق ایسے تمام افراد کے کاروبار اور جائیداد کو ضبط کرنے کے عمل کو مزید موثر اور تیز بنایا جائے گا۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق کسی بھی غیر ملکی کو بغیر قانونی دستاویزات کے پاکستان میں رہنے کی اجازت نہ دی جائے گی۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق واپسی کے عمل میں تمام افراد کے ساتھ عزت اور احترام کے ساتھ برتاؤ کیا جائے گا۔

بقیہ 14

میں مہم چلانے کی ہدایت کردی گئی۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے تمام ڈی سیز کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ سردی، دھند، برف باری میں ذرا سی لاپرواہی جان لیوا ہو سکتی ہے، شہریوں کو حفاظتی اقدامات کے حوالے سے آگاہ کیا جائے۔ ہیٹر کے استعمال، خطرناک گیسوں بارے شعور بیدار کیا جائے۔ سیاحت کے لئے جانے والوں کو تمام ضروری ہدایات فراہم کی جائیں، ضلعی انتظامیہ مقامی سطح پر بھرپور مہم چلائے، میڈیا سمیت تمام کیمونیکیشن ٹولز کے ذریعے لوگوں کو ضروری معلومات دیں۔ پی ڈی ایم اے نے این ڈی ایم اے کی ہدایات کے پیش نظر انتظامیہ کو مراسلہ جاری کیا۔

بقیہ 15

کے عملے کی معاونت حاصل کرنے کے لیے فوکل پرسنز مقرر کردیے۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے عدنان نثار کوسٹی اور راجا وسیم سیفی کو کینٹ کے نجی تعلیمی اداروں کے لیے فوکل پرسن مقرر کردیا۔ دونوں فوکل پرسنز نجی تعلیمی اداروں سے الیکشن کمیشن کو افرادی قوت فراہم کریں گے۔

بقیہ 16

زائد اضلاع میں بارش اور پہاڑوں پر برف باری کا امکان ہے۔ بلوچستان کے علاقے قلعہ سیف اللہ اور گردونواح میں بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ کان مہترزئی اور کنچوغی میں بھی برف باری اور مسلسل کی وجہ سے سردی کی شدت میں شدید اضافہ دیکھنے میں آیا۔ تورا غبر گوئی، رود ملازئی اور زیارت میں بھی برف باری سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا۔ اس کے ساتھ کوئٹہ، نصیر آباد، بولان، ڈیرہ بگٹی، قلات میں بارش جبکہ زیارت میں برفباری سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا، کالام میں درجہ حرارت منفی 5، چترال میں منفی 3 اور دیر میں منفی 2 ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاراچنار، پشاور، مالم جبہ، وادی لیپا، نیلم ویلی سمیت بالائی علاقوں میں پارہ نقطہ انجماد سے گر گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بالائی پہاڑوں پر برفباری متوقع ہے جبکہ صوبے کے دیگر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا۔

بقیہ 17

پیر کو چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے تاحیات نااہلی کی مدت کے تعین سے متعلق کیس کا محفوظ فیصلہ سنایا جو براہ راست نشر کیا گیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ سیاستدانوں کی نااہلی تاحیات نہیں ہوگی اور آرٹیکل 62 (ون) (ایف) کے تحت سیاستدانوں کی نااہلی کی مدت 5 سال ہوگی۔ سپریم کورٹ نے سمیع اللہ بلوچ کیس کا فیصلہ ختم کرتے ہوئے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 62(1)(ایف) کو اکیلا نہیں پڑھا جاسکتا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ کے پاس آئین کے آرٹیکل 184(3) میں کسی کی نااہلی کا اختیار نہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ انتخابی شیڈول جاری ہونے کے بعد ضروری تھا کہ فیصلہ فوری سنایا جائے جبکہ تمام ججز، وکلا اور عدالتی معاونین کا مشکور ہوں۔ سپریم کورٹ کے 7 رکنی بینچ نے 1-6 کے تناسب سے فیصلہ سنایا اور بینچ کے رکن جسٹس یحییٰ آفریدی نے اکثریتی فیصلے سے اختلاف کیا۔ عدالت عظمیٰ نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی اپیل واپس لینے پر خارج کردی۔ فیصلے کے بعد مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف اور استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) کے سربراہ جہانگیر ترین 8 فروری کا الیکشن لڑسکیں گے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے اپنے اختلافی نوٹ میں لکھا ہے کہ سمیع اللہ بلوچ کیس کا فیصلہ برقرار رہنا چاہیے، سمیع اللہ بلوچ کیس کا تاحیات نااہلی کا فیصلہ قانونی ہے اور نااہلی تب تک برقرار رہے گی جب ڈکلیریشن موجود رہے گی۔

بقیہ 18

نے ایک بیان میں کہا کہ ہندوتوا حکومت نے مقبوضہ وادی میں اختلافی آوازوں کو خاموش کرنے کے لیے بربریت اور فسطائیت کی تمام حدیں پار کردیں ہیں۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے اداروں، انسانی حقوق کی تنظیموں اور عالمی طاقتوں سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارتی ریاستی دہشت گردی کا نوٹس لیں، کیونکہ انڈیا کے غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر کے لوگوں کو بڑے پیمانے پر قتل، جسمانی تشدد، غیر قانونی حراستوں اور تمام بنیادی حقوق سے محروم کیا جارہا ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ خوبصورت وادی کے لوگوں کو اقوام متحدہ کے زیر اہتمام رائے شماری کا مطالبہ کرنے پر اجتماعی سزا دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آر ایس ایس کے زیر اثر مودی حکومت کو قانون اور آئین کا کوئی احترام نہیں ہے، جو کہ مقبوضہ علاقے کے باشندوں کے ساتھ ان کی حکومت کے غیر انسانی سلوک سے واضح طور پر ظاہر ہوتا ہے۔ مشعال ملک نے مزید کہا کہ کشمیر کی اعلیٰ قیادت بشمول ان کے شوہر یاسین ملک کو جعلی، من گھڑت اور سیاسی بنیادوں پر مبنی مقدمات میں غیر قانونی حراست میں رکھا گیا ہے تاکہ انہیں لوگوں سے دور رکھ کر تحریک حق خودارادیت کو ناکام بنایا جاسکے۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ بدنام زمانہ بھارتی حکام گزشتہ سات دہائیوں سے ایسے وحشیانہ، غیر قانونی اور غیر انسانی حربے استعمال کرنے کے باوجود وہ آزادی پسندوں کی ہمت کو پست نہیں کر سکے۔ مشعال ملک نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انڈیا کے غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام اقوام متحدہ کے زیر اہتمام رائے شماری کے حصول تک اپنی جائز جدوجہد جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ خطے میں پائیدار امن کشمیری عوام کی امنگوں اور خواہشات کے مطابق دہائیوں پرانے تنازعہ کشمیر کے حل کے بغیر ناممکن ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ مقبوضہ وادی کے لوگ گزشتہ 70 سال سے زائد عرصے کے دوران سفاک بھارتی غیر قانونی قابض حکومت کے ہاتھوں مشکلات اور مصائب کا سامنا کرنے کے باوجود اقوام متحدہ کے زیر نگرانی رائے شماری کے انعقاد کے اپنے مطالبے پر ثابت قدم رہے اور انڈیا کا کوئی بھی حربہ ان کے عزم کو توڑ نہیں سکتی ہے۔ مشعال ملک نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور انسانی حقوق کی تنظیموں پر زور دیا کہ وہ بھارت کی بدترین ریاستی دہشت گردی کا نوٹس لیں اور جنگی بنیادوں پر اقدامات کریں تاکہ دیرینہ تنازعہ کشمیر کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق جلد اور فوری حل یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ 19

بطور سیکرٹری خدمات انجام دیں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیا تھا۔ اپنے استعفے میں سیکرٹری الیکشن کمیشن نے موقف اختیار کیا کہ میری صحت کام کرنے کی اجازت نہیں دیتی اس لیے عہدہ چھوڑ دیا۔ ان کے قریبی ذرائع نے بتایا کہ چیف الیکشن کمشنر نے تاحال سیکرٹری الیکشن کمیشن کا استعفیٰ منظور نہیں کیا۔

بقیہ 20

نامعلوم افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ سے جاں بحق ہونے والوں میں ایک کمسن بچی بھی شامل ہے اور 2 افراد زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ سابقہ دشمنی کی وجہ سے پیش آیا اور ملزمان فرار ہوگئے۔

بقیہ 21

نے عائشہ نامی ٹیچر پر تیزاب پھینک دیا۔ تیزاب سے اسکول ٹیچر عائشہ کا چہرہ جھلس گیا۔ عائشہ کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ تاحال واقعے کے محرکات سامنے نہیں آئے۔ پولیس نے خاتون کا ابتدائی بیان ریکارڈ کرلیا ہے اور واقعے میں ملوث نامعلوم ملزمان کی تلاش کے لئے قانونی کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ 22

کی جانب سے پیش کی گئی رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں سال 2022 میں چائلڈ پورنوگرافی کے سب سے زیادہ 83 کیسز رپورٹ ہوئے، سال 2023 میں 31 کیسز، 2021 میں 71 کیسز رپورٹ ہوئے، سال 2022 کے مقابلے میں 2023 میں 25 فی صد کم کیسز سامنے آئے۔ دستاویز کے مطابق 3 سالوں میں چائلڈ پورنوگرافی کی مجموعی طور پر 464 شکایات موصول ہوئی، 312 مقامی سطح پر، سائبر ہیلپ لائن کے ذریعے 150 اور 2 شکایات بیرونی ممالک کے سفارتخانے اور انٹرپول سے موصول ہوئیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ 184 افراد پر مقدمات درج جبکہ 225 کو گرفتار کیا گیا، 23 افراد کو سزا، 31 ملزمان بری ہوئے۔ کہا گیا کہ ملزمان کے خلاف مقدمات، گرفتاریاں، سزائیں پیکا ایکٹ کے سیکشن 22 کے تحت کی گئی۔

بقیہ 23

گیا کہ پاکستان ایک تکثیری ملک ہے جو بین المذاہب ہم آہنگی کی بھرپور روایت رکھتا ہے، جبکہ پاکستان نے اپنے آئین کے مطابق مذہبی آزادی کو فروغ دینے اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے وسیع پیمانے پر اقدامات کیے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بیان میں اس بات پر گہری تشویش کا اظہار کیا کہ مذہبی آزادی کی بڑے پیمانے پر اور مسلسل خلاف ورزی کرنے والے بھارت کو ایک بار پھر امریکی محکمہ خارجہ کی نامزد فہرست سے خارج کردیا گیا ہے۔

بقیہ 24

ہوا ہے۔ باجوڑ پولیس کے مطابق مذکورہ پولیس اہلکار انسداد پولیو مہم ٹیم کی سیکیورٹی کیلئے جارہے تھے کہ دھماکے کا نشانہ بنے۔ دھماکے سے پولیس کا ٹرک مکمل طور پر تباہ ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق لاشوں اور زخمیوں کو خار ہسپتال منتقل کرکے ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے، 2 زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے۔ میڈیکل ٹیمیں ڈسٹرکٹ ہسپتال میں موجود رہیں جبکہ ریسکیو 1122 مہمند اور لوئر دیر کو بھی الرٹ کردیا گیا۔ کمشنر ملاکنڈ ڈویژن نے بتایا کہ دھماکے میں شدید زخمی ہونے والوں کو ہیلی کاپٹر میں پشاور منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، علاقے میں پولیو مہم معطل کردی گئی ہے۔ دھماکے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا۔ دریں اثنا ترجمان لیڈی ریڈنگ ہسپتال (ایل آر ایچ) پشاور نے بتایا کہ باجوڑ دھماکے کے 7 زخمیوں کو ایل آر ایچ لایا گیا ہے، 2 زخمیوں کو سی ایم ایچ منتقل کردیا گیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ زخمیوں میں زیادہ تر پولیس اہلکار ہیں، تمام زخمیوں کو اس وقت ایمرجنسی میں طبی امداد دی جارہی ہے۔ نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سید ارشد حسین شاہ نے باجوڑ دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے بزدلانہ واقعات سے پولیس کے حوصلے پست نہیں ہوں گے۔ انہوں نے دھماکے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار اور شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ سید ارشد حسین شاہ نے ضلعی انتظامیہ کو زخمیوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، ان کی ہر ممکن معاونت کی جائے گی۔

بقیہ 25

نام ہے جس آدمی کا کوئی مشن نہیں تو وہ صرف گاجر مولی ہے۔ راولپنڈی کے حلقہ این اے 57 میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے شیخ رشید احمد نے کہا کہ نسلی اور اصلی ہوں، ساری زندگی جدوجہد میں گزاری، واحد آدمی ہوں جس کا ساتویں آٹھویں کلاس میں کورٹ مارشل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی مشن کا نام ہے، جس آدمی کا کوئی مشن نہیں تو وہ صرف گاجر مولی ہے، اب تو میں نے چالیس دن کا چلا بھی کاٹ لیا ہے، ایک شخص سے دوستی کی خاطر اس عمر میں چالیس دن کا چلا کاٹا ہے، اسکے بارے میں مزید کوئی بات نہیں کرنا چاہتا۔ انہوں نے کہا کہ لال حویلی کے جس گھر میں رہتا ہوں ساری دنیا اس کو طوائف گھر کہتی ہے، اس کی مرتے وقت کی وصیت آج بھی میرے پاس ہے، ڈاکٹر قدیر خان نے سجان سنگھ کی اس حویلی کے لیے پیسے دیئے تھے۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ میں نے اس شہر کو ساتھ تعلیمی ادارے دیے اور آج اس کی پہچان تعلیمی شہر سے ہوتی ہے، ان پانچ لوگوں میں شامل ہوں جنہوں نے خانہ کعبہ کی چھت پر نماز پڑھی ہے، آپ بچوں سے معافی چاہتا ہوں اگر کچھ غلطی ہوئی ہو۔ انہوں نے کہا کہ 17 دفعہ وزیر رہا اور ہر بار آپ کے تعاون سے وزیر رہا ہوں، آدمی وہی بڑا ہے جو سچ بولے، اگر اہل سمجھیں تو 8 فروری کو مجھے ضرور ووٹ دیں۔

بقیہ 26

لوٹ مار اور کرپشن کا دور ہمیشہ کیلئے بند ہوسکے اسی میں ملک کی کامیابی ہے، بلاول بھٹو 22 کروڑ پاکستانیوں کی آواز بن چکے ہیں، بلاول بھٹو کو شکست دینا مشکل ہی نہیں ناممکن بھی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کی پہلی ترجیح عوام کو معاشی مشکلات سے نکالنا ہے اس لیے پیپلز پارٹی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ساتھ ساتھ کسان کارڈ، مزدور کارڈ اور یوتھ کارڈ کے ذریعے بھی عوام کی مالی مدد کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راؤ ایاز الکریم امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 192 تحصیل صدر پیپلز پارٹی اوکاڑہ سے ملاقات کے دوران کیا، ملاقات میں چیئرمین بلاول بھٹو کے ساہیوال کے جلسے اور انتخابات اور حلقے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ راجہ پرویز اشرف نے راؤ ایاز الکریم کی الیکشن کمپین کی تعریف کی۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ بلاول بھٹو نوجوانوں اور عوام کے آئیڈیل لیڈر ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے جسکے قائدین نے پاکستان کے غریب مظلوم عوام پسے ہوئے طبقے ملک اور جمہوریت کیلئے جدوجہد کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، پیپلز پارٹی آج بھی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو نچلے طبقے کی نمائندگی کررہی ہے پیپلز پارٹی وفاق پاکستان کی علامت اور ملک کی مقبول ترین سیاسی جماعت ہے بلاول بھٹو نوجوانوں اور عوام کے آئیڈیل لیڈر ہیں بلاول بھٹو پنجاب کے تمام اضلاع کا دورہ کریں گے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

بقیہ 27

الدین، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس مسرت ہلالی شامل ہیں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اپنی ہمشیرہ آصفہ بھٹو زرداری کے ہمراہ سپریم کورٹ پہنچے۔ بلاول بھٹو کی سپریم کورٹ کے داخلی دروازے پر پی ٹی آئی کے وکیل لطیف کھوسہ سے ملاقات ہوئی۔ بلاول بھٹو زرداری پی ٹی آئی کے وکیل لطیف کھوسہ سے گرمجوشی سے بغل گیر ہوئے۔ لطیف کھوسہ کو دیکھ کر بلاول نے قہقہہ لگا کر کہا کہ دیکھو دیکھو مجھے کون نظر آیا؟ پی ٹی آئی رہنما اور وکیل لطیف کھوسہ بھی بلاول بھٹو کو دیکھ کر مسکراتے رہے۔ سماعت شروع ہوئی تو پیپلز پارٹی کے رہنما، سینیٹر و وکیل رضا ربانی روسٹرم پر آئے۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے رضا ربانی سے سوال کیا کہ کیا آپ عدالتی معاون ہیں؟ رضا ربانی نے جواب دیا کہ میں عدالتی معاون نہیں، صنم بھٹو، بختاور اور آصفہ کا وکیل ہوں، کیس میں فریق بننے کی درخواست جمع کرائی ہے۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ ٹھیک ہوگیا، اس درخواست کو دیکھتے ہیں، عدالتی معاونین کو پہلے سننا چاہیے کیونکہ پچھلے حکم نامے میں سوالات کیے تھے۔ وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ صدارتی ریفرنس ہے تو بہتر ہوتا اگر اٹارنی جنرل کو پہلے سن لیتے کہ اس کیس میں حکومت کہاں کھڑی ہے۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ اٹارنی جنرل کو ریفرنس واپس لینے کی ہدایات نہیں تو ان کا موقف آچکا۔ عدالت کی جانب سے مقرر معاون زاہد ابراہیم نے عدالتی معاونت سے معذرت کرلی اور بتایا کہ ذوالفقار علی بھٹو کے پوتے ذوالفقار بھٹو جونیئر اور فاطمہ بھٹو نے مجھے وکیل کیا ہے۔ اس موقع پر عدالتی معاون صلاح الدین احمد روسٹرم پر آئے جنہوں نے کہا کہ میری اہلیہ نواب احمد قصوری کی نواسی ہیں، عدالت فریقین سے پوچھ لے کہ میری معاونت پر کوئی اعتراض تو نہیں۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ اہلیہ نے اعتراض اٹھایا ہے تو پھر بڑا سنجیدہ معاملہ ہے۔ وکیل فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ ذوالفقار بھٹو کے ورثاء کو بیرسٹر صلاح الدین پر اعتراض نہیں۔ عدالتی معاون خواجہ حارث نے کہا کہ بھٹو کیس میں میرے والد ڈی جی ایف ایس ایف مسعود محمود کے وکیل تھے، اگر مجھ پر بھی کسی کو اعتراض ہو تو بتادیں۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ آپ پر کسی فریق کو اعتراض نہیں، آپ فیئر ہیں اس کا یقین سب کو ہے۔ عدالتی معاون مخدوم علی خان نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ اس صدارتی ریفرنس میں 4 سوالات پوچھے گئے ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے انہیں ہدایت کی کہ سب سے پہلے آئین کا آرٹیکل 186 پڑھیں جس کے تحت یہ ریفرنس بھیجا گیا، کیا ہمارے پاس اس صدارتی ریفرنس کو نہ سننے کا آپشن ہے؟ عدالتی معاون مخدوم علی خان نے کہا کہ آئینی طور پر تو عدالت کے پاس ریفرنس پر رائے دینے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، مگر ریفرنس میں پوچھا گیا سوال مبہم ہو تو عدالت کے پاس دوسرا آپشن ہوگا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ عدالت کی رائے ہو کہ سوال مبہم ہے تو بھی عدالت کے پاس آپشن رائے دینا ہی ہوگا۔ عدالتی معاون مخدوم علی خان نے کہا کہ عدالت کے سامنے ایک منفرد کیس ہے، چیف جسٹس نے اسی کیس میں ایک انٹرویو کا ٹرانسکرپٹ بھی طلب کر رکھا ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ بنیادی طور پر اس ریفرنس کی بنیاد سابق جج نسیم حسن شاہ کا انٹرویو ہے۔ جسٹس (ر) نسیم حسن شاہ کا نجی ٹی وی (جیو نیوز) کو انٹرویو چلادیا گیا

بقیہ 28

جن کو کسی پلیٹ فارم کی ضرورت ہے۔ اعجاز الحق نے کہا کہ پاکستان میں صرف مفادات کی سیاست ہو رہی ہے، ہم نے قومی یکجہتی الائنس ترتیب دیا ہے، اس الائنس میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ شامل ہوئی ہے، اس الائنس میں جمعیت علمائے اسلام (س) بھی شامل ہونے جارہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ہم ایک چھتری کے نیچے اکٹھے ہوکر پاکستان کے مفادات کے لئے الیکشن لڑیں گے، قومی یکجہتی اتحاد کے لئے ہم ایک لائحہ عمل ترتیب دے رہے ہیں۔

بقیہ 29

سیفٹی ٹیموں نے راولپنڈی شہر میں دودھ کی 24 دکانوں کو چیک کیا، اس دوران 700 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف کردیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ جعل سازی پر 9 دکانوں کو ایک لاکھ 61 ہزار کے جرمانے بھی کیے گئے۔

بقیہ 30

ہزار سے زائد طلباء و طالبات امتحان میں شرکت کررہے تھے، امتحان پنجاب، آزاد کشمیر اور اسلام آباد میں منعقد ہونا تھا۔ نیشنل ٹیسٹنگ سروس کا موقف ہے کہ امتحان کی نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا جبکہ پیپر لیک ہونے سے متعلق تحقیقات جاری ہے۔

بقیہ 31

سماعت کی۔ درخواست گزار ظفر علی شاہ جبکہ الیکشن کمیشن سے وکیل ثمن مامون عدالت پیش ہوئے۔ اپلیٹ ٹربیونل جج نے استفسار کیا کہ بقایاجات آپ نے جمع کرادیے؟ جس پر ظفر علی شاہ نے بتایا کہ جی تمام اعتراضات دور کردیئے گئے۔ جج نے وکیل الیکشن کمیشن سے استفسار کیا کہ بقایاجات جمع اور اعتراضات دور کرنے کے بعد آپ کو کوئی اور اعتراض ہے؟ وکیل الیکشن کمیشن نے بتایا کہ ہمیں مزید کوئی اعتراض نہیں۔ ریٹرننگ افسر نے تین اعتراضات کی بنیاد پر ظفر علی شاہ کے کاغذات دو حلقوں سے مسترد کردیئے تھے۔

بقیہ 32

کریں۔ آئی ایچ آر اے کی ایڈوائزری کے مطابق شہری چھینکتے یا کھانستے وقت منہ اور ناک کو کہنی سے ڈھانپ لیں، بیمار مریض گھر پر رہیں، آرام کریں اور ہجوم سے بچیں اور صحت یابی تک سماجی دوری کے اقدامات پر عمل ضرور کریں۔ اس کے علاوہ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ہجوم والی جگہوں پر جانے سے بھی لازمی گریز کریں۔ واضح رہے کہ ملک میں گزشتہ چند ہفتوں کے دوران کورونا کے نئے ویرینٹ کے 4 مشتبہ کیسز کی تشخیص ہوچکی ہے۔

بقیہ 33

کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر آتشبازی کا شاندار مظاہرہ کیا گیا جبکہ پاکستان کے نامور فنکار ابرار الحق نے اپنے گانوں سے شائقین کے دل جیت لئے۔ تقریب میں مقامی فنکاروں نے بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا جبکہ نیو میٹرو سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کھاریاں کے پروجیکٹ ڈائریکٹر بریگیڈیئر محمود اختر اور دیگر افسران کے علاوہ سماجی شخصیات، رئیل اسٹیٹ کی صنعت سے منسلک کاروباری افراد، تاجر راہنماؤں سمیت راولپنڈی، لاہور، کھاریاں، سرائے عالمگیر، جہلم کی عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے آغاز پر معروف ٹک ٹاکر سدا بہار ریپر نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ تقریب میں شرکاء کے لئے چاٹ پٹے مزے دار کھانوں کے سٹالز لگائے جبکہ بچوں نے اپنی پسندیدہ جھولوں سے لطف اٹھایا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے زرعون مسعود نے مزید کہا کہ بی ایس ایم ڈویلپرز کے چیئرمین فرخ شہزاد ملک، چیف ایگزیکٹو آفیسر بلال بشیر ملک کی سربراہی میں تجربہ کار ٹیم کی بدولت نیو میٹرو سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کھاریاں، گوجر خان، منڈی بہاؤالدین کا معیاری اور تیزی سے کام جاری ہے اور عوام کی توقعات کے مطابق انہیں جدید سہولیات سے آراستہ ہاؤسنگ منصوبوں کو تکمیل تک پہنچایا جارہا ہے۔

بقیہ 34

کے بنیادی مسائل حل کروائے گی۔ چوہدری عبدالغفور نے کہا کہ جاتی امراء سے پیپلز پارٹی کامیاب ہوگی۔

بقیہ 35

دوران ڈی پی او نے انچارج کمپلینٹ سیل کو متعلقہ پولیس افسران کو فون کرکے فوری کارروائی عمل میں لانے اور متعلقہ افسران کو مارک کردہ درخواستوں پر انکوائری و کارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔ ڈی پی او نے کہا کہ جس افسر کو درخواست مارک کی گئی ہے وہ خود انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرے گا۔ ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ کھلی کچہری کے ذریعے پبلک فیڈ بیک حاصل کر کے پالیسنگ کو مزید بہتر بنایا جائے۔

بقیہ 36

ملزم کو گرفتار کرلیا گیا، ملزم عتیق الرحمٰن کو گرفتار کرکے مسروقہ کار برآمد کرلی گئی۔ ڈی پی او جہلم نے ایس ایچ او کالا گجراں اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 37

پولیس نے ملزم ساغر سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم شمس الرحمٰن سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم اریض شاہ سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 38

اور معالجین میں معلومات کا فقدان ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزن میں اچانک کمی، تواتر کے ساتھ پیشاب کا آنا اور شدید بھوک کے لگنے کے ساتھ بچوں کے مزاج میں تبدیلی ٹائپ 1 ذیابیطس کی کچھ علامات میں سے ہیں۔ اگر یہ علامات ظاہر ہوں تو والدین کو اپنے بچوں کو قابل اور اہل معالجین کے پاس لے کر جانا چاہئے اور ان کی شوگر چیک کرنے کے لیے کہنا چاہیے۔ ماہرین نے کہا کہ پاکستان میں ایک لاکھ کے قریب ٹائپ 1 ذیابیطس میں مبتلا بچوں میں کئی ایسے ہیں جن میں وقت پر بیماری کی تشخیص نہیں ہوتی اور بیماری کے ابتدائی دنوں میں ان کی موت واقع ہوجاتی ہے۔ ماہر ذیابیطس اور چیئرنگ ڈایابیٹیز اِن چلڈرن کے سربراہ پروفیسر عبدالباسط کا کہنا تھا کہ ادارے کا مقصد پورے ملک میں 3000 ایسے بچوں تک پہنچنا ہے جن کے والدین انسولین نہیں خرید سکتے اور ان کو صحت مند زندگی کے لیے مفت انسولین فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 39

ہمدانی نے کہا کہ کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر کیا جارہا ہے، والدین کم عمر ڈرائیوروں کی حوصلہ شکنی کریں، لائسنس کے اہل طلباء و طالبات کے لیے تعلیمی اداروں میں خصوصی کلاسز کا بھی آغاز کیا جارہا ہے، کم عمر ڈرائیور نا صرف اپنی بلکہ دیگر شہریوں کی زندگی کے لیے خطرے کا باعث ہیں، کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف پنجاب حکومت کے احکامات پر من وعن عمل کیا جارہا ہے۔

بقیہ 40

کے تھانہ منتقل کر دیا۔ ڈی پی او جہلم نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا۔ ڈی پی او جہلم نے خدمت مرکز کے پولیس افسران کو شاباش بھی دی۔

بقیہ 41

چرس، ریس کورس پولیس نے ملزم شیر علی سے 520 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم عثمان سے 520 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 42

روز روڈ ایکسیڈنٹ کی وجہ سے زخمی ہوگئی تھی، جو بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وفات پا گئی، نماز جنازہ انکے آبائی علاقہ تھانہ جاتلی میں ادا کردی گئی، نماز جنازہ میں ایس ایچ او جاتلی سمیت دیگر پولیس افسران نے شرکت کی، متوفی سال 2015 میں بطور کانسٹیبل محکمہ پولیس میں بھرتی ہوئیں تھیں، مرحومہ کے سوگوران میں بیٹی اور بیٹا شامل ہیں۔ سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی نے اس موقع پر کہا کہ مرحومہ انتہائی محنتی، ملنسار اور فرض شناس آفیسر تھی، جن کی راولپنڈی پولیس کے لیے خدمات قابل قدر ہیں، دکھ کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 43

امیدواروں کے بینرز چھپوانے کے حوالہ سے ہدایات جاری کردی ہیں۔ ضلع بھکر میں کے علاقائی دائرہ اختیار میں تمام پرنٹنگ پریسوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ درج ذیل ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کریں خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف حسب ضابطہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ 1۔کوئی شخص یا کوئی سیاسی جماعت پوسٹرز، ہینڈ بلز، پوسٹر پمفلٹ، کتابچے، بینرز یا پورٹریٹ چسپاں نہیں کریگی جو الیکشن کمیشن کی طرف سے تجویز کردہ سائز سے زیادہ ہو۔ پوسٹر 23x18 انچز۔ (انچ) ہینڈ بل / پمفلٹ / کتابچے 6x9 (انچ) بینرز (3 x 9 فٹ) پورٹریٹ 3x2 (فٹ) 2۔امیدوار / سیاسی جماعتیں اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ متعلقہ پرنٹ / پبلشرز کے نام اور پتہ پوسٹر، ہینڈ بلز، پمفلٹ، کتابچے، بینرز اور پورٹریٹ کے چہرے پر چھاپے جائیں گے، خلاف ورزی کو ایک غیر قانونی عمل سمجھا جائے گا۔ 3۔قرآنی آیات رسول ﷺ کے ارشادات یا دیگر مذاہب سے متعلق مقدس صحیفوں کی حرمت برقرار رکھنے کیلئے سیاسی جماعتوں، امیدواروں اور انتخابی ایجنڈوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ تشہیر پر انکی طباعت سے گریز کریں۔ امیدوار خود اور وہ اپنے اراکین میں نظم وضبط بھی پیدا کریں تاکہ مذکورہ تقدس کو صحیح معنوں میں برقرار رکھا جاسکے 4۔کسی بھی سائز کے ہولڈنگز، بل بورڈز، وال چاکنگ و پینا فلیکس پر مکمل پابندی ہوگی۔ خلاف ورزی کو ایک غیر قانونی عمل سمجھا جائے گا۔ 5۔تاکہ مذکورہ تقدس کو صحیح معنوں میں برقرار رکھا جاسکے۔ کسی بھی سائز کے اور اینگل بورڈ، نیز وال چاکنگ و سٹینسل چاکنگ پر مکمل پابندی ہوگی خلاف ورزی کو ایک غیر قانونی عمل سمجھا جائے گا۔ 6۔کسی بھی صورت میں کسی بھی سیاسی جماعت / امیدوار، الیکشن ایجنٹ کی طرف سے کسی بھی تشہیری مواد پر سرکاری اہلکار کی تصویر نہیں چھاپی جائیگی۔ 7۔خلاف ورزی کی صورت میں کسی بھی ان پرنٹنگ پریسوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی جو مذکورہ ہدایات پر عملدرآمد نہیں کریں گے۔

بقیہ 44

تک کی عمر کا کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین کے حفاظتی قطرے پینے سے محروم نہ رہ جائے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے بچوں کے والدین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں اور انکو عمر بھر کیلئے اپاہج کردینے والی بیماری سے محفوظ رکھیں۔ یاد رہے کہ مذکورہ مذکورہ راؤنڈ کے دوران 367000 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوائے جائیں گے جس کیلئے مجموعی طور پر 1500 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں

بقیہ 45

دی، آگاہی سیشن میں مختلف یونیورسٹیز اور تعلیمی اداروں کے مالکان اور ماہرین نے شرکت کی، آخر میں سوال وجواب کا سیشن بھی ہوا، حاضرین نے ان یونیورسٹیز میں داخلوں سے متعلق، اخراجات اور درپیش رکاوٹوں کے متعلق سوالات کیے اور چیف گیسٹ نے ان کے سوالات کے جواب دیئے، سیشن کے اختتام پر شرکاء میں گفٹ بھی تقسیم کیے گئے، اس موقع پر حاضرین نے بہترین اور معلوماتی سیشن کے انعقاد پر انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سیشن سے پاکستانی طلباء کیلئے مختلف یونیورسٹیز میں داخلوں سے متعلق مختلف رکاوٹوں کو دور کرنے میں کافی حد تک مدد ملے گی اور انہوں نے اس طرح کے سیشنز کا تسلسل سے انعقاد کرنے کا مطالبہ کیا، چیف گیسٹ راج کپور نے قیمتی وقت نکال کر سیشن میں شرکت کرنے پر حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 46

بورڈز میں بھیجے جانے والے میٹرک داخلوں کی بابت آگاہ کیا۔ ڈی جی آر ڈی اے نے تعلیمی اداروں کے تعاون کرنے کی یقین دہانی پر مناسب وقت دینے کی استدعا کردی۔ جس پر ابرار احمد خان نے تحریری درخواست دے دی اور سیف انور چپہ نے آر ڈی اے کے چیف پلانر و ڈائریکٹر بلڈنگ کنٹرول جمشید آفتاب کو مناسب وقت دینے کی مشروط اجازت پر تعلیمی اداروں کو ڈی سیل کرنے کی ہدایات جاری کی۔ وفد میں تحصیل راولپنڈی کے جنرل سیکرٹری عدنان نثار اور راجہ محمود وحسن جاوید ایگزیکٹو ممبرز شامل تھے اس موقع پر ابرار احمد خان نے وہاں پر جمشید افتاب کو سکول سیل ہونے کی وجہ سے تعلیمی حرج کے حوالے سے بریف کیا جس پر جمشید افتاب نے ڈی جی کی ہدایات کی روشنی میں فوری طور پر گلریز سوسائٹی میں سیل کیے جانے والے سکولوں کو ڈی سیل کرنے کے احکامات جاری کر کیئے۔ ابرار احمد خان نے کہا اج ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے نے علم دوست پالیسی کا ثبوت دیا اور تعلیمی نقصان کو مدنظر رکھتے ہوئے سکولوں کو ڈی سیل کرنے کے احکامات جاری کیئے۔ ابرار احمد خان ڈی جی آر ڈی اے سیف چپہ، ڈائریکٹر جمشید آفتاب اور مسلم لیگ نون کے امیدوار قومی اسمبلی حنیف عباسی کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا جنہوں نے علم دوست پالیسی کا ثبوت دیا اور اس موقع پر ابرار احمد خان کا مزید کہنا تھا کہ بلڈنگ کو کمرشل کروانا سکول آنرز کا کام ہے سکولز پرنسپلز کا نہیں۔ انہوں نے کہا ابھی تعلیمی سال کیونکہ جاری ہے اور کسی بھی سرکاری ادارے کی طرف سے سب نجی تعلیمی اداروں کے خلاف کی جانے والی کاروائی کا نجی تعلیمی ادارے مکمل نہیں ہو سکتے کیونکہ اگر کوئی سرکاری ادارہ کاروائی کرتا ہے تو بچوں کا تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ ہے اس لئے تمام سرکاری اداروں سے التماس ہے کہ وہ نجی تعلیمی اداروں کے حوالے سے بنائی جانے والی پالیسی اور اٹھائے جانے والے اقدامات سے قبل متعلقہ سٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیں اور اس کے بعد کارروائی کریں۔ واضح رہے کہ راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بلڈنگ کنٹرول سیل نے چندروز قبل گلریز اور اس سے ملحقہ ابادیوں میں 10 نجی تعلیمی اداروں کو اس وجہ سے سیل کردیا تھا کہ ان کے کمرشلائزیشن فیسیں جمع نہیں ہوئی تھیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
09 جنوری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پروردج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 09 جنوری 2024 صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، آرچرڈ سکیم، سی ڈی اے پمپ، میلوڈی، جناح ایونیو، پی ایچ اے فلیٹ، اقبال ٹاؤن، سروس روڈ ایسٹ، شریف آباد، سملی ڈیم، فیصل مسجد G-10/2، I-8/2، I-10/2، گولڑہ E-11/2، بھارہ کہو، بھارہ کہو۔ II، کمپنی باغ، گھڑیال، ایم سی ایم، پتریاٹہ، اپرٹوپہ، انگوری فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ای بلاک، سی بلاک، کری روڈ، فضاہیہ، مسلم ٹاؤن، گنگال، تماسہ آباد، ڈھوک کھبہ، گلشن آباد، جامع مسجد، گوالمنڈی، ڈھوک حسو، ڈھوک نجو، ابو بکر، شیخ بھاٹہ، مدینہ کالونی، امیر حمزہ کالونی، پی اینڈ ٹی وی، جھنگی، سہام، چاکرہ، ریج روڈ، موہن پورہ فیڈرز راولپنڈی کینٹ سرکل چکری، ایس بی ڈی، مال روڈ، ٹیپو روڈ، رحیم آباد، کار چوک، سرور شہید، ایم ایس ایف، مورگاہ، میجر ریاض، اڈیالہ، حیال، گلشن سعید، آر اے بازار، آرمی فلیٹس، چکری، ڈھوک اعوان، زراج، زراج۔ II، امرت بلڈرز، آئی ایس ٹی، چوک پنڈوری، حنیف شہید، خواجہ، غزن خان، حامد جھنگی، جھٹہ ہتھیال، بحر کلیال، نشان حیدر، محوطہ فیڈرز، اٹک سرکل، نوازش شہید، غوری، ہرو، دھریک، ویلی، کوہستان انکلیوژ، ہکس انڈسٹریل، کاشف گل شہید، ماڈل ٹاؤن، بابا راکھی، براہما، شفیع چوہان، بارہ زی، حمید، مانسر، کامرہ رورل، شکردرہ، کچہری، صرکہ، شادی خان، دلاور آباد، پنڈی گھیپ، ٹیکہ کلاں، حافظ آباد، قطبال، جھنگ، نارہ، محفوظ شہید، گلیال، فتح جنگ رورل، لانی والا، امن پور فیڈرز، چکوال سرکل، کریالہ، آرا بازار، مرید، خیر پور، سرپاک، آدی، ملہال مغلاں، بھیکری، ڈنڈوت، راوال، دلوال، للہ ٹاؤن، کے ایس مائنز، جلال پور بلکسر، دھرنال، مین بازار، دھلر، موگلہ، ملتان خرد، ٹمن، ڈھڈیال سٹی فیڈرز، جہلم سرکل F-7 کچہری، لانگر پور، منڈی بھلوال، بکس آباد، اکرم شہید، جاکھڑ، ایم ریاض شہید، منگلہ کینٹ، کیپٹن نثار شہید، بھگوال، چکیام، کھانجو لیا، دینہ۔ 4، سکیم۔ 1، کھوئی بل اعوان، گلیانہ، اسلام پورہ، قاضیا، کنگر ٹھاٹی فیڈرز، جی ایس او سرکل، دن 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، حنیف شہید، ابرار شہید، غزن خان، نڑ، کے آر ایل، لہتراڑ، ماڈل ٹاؤن، اے بلاک، آئی بلاک، کوہستان انکلیوژ، کاشف گل، براہما، سٹی آرکیڈ، دھیرک، بربا کی فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، خواجہ، نارہ، متور، کہوٹہ سٹی، پنجار، کہوٹہ سٹی۔ II، ٹی ایچ کیو ہسپتال فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک سٹی نمبر۔ 1، او پی ایف، اے ایس ایل، پی ایس ایل سٹی انڈسٹریل، ایچ پی ٹی میر پور، سٹی۔ 3 فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بندر ہے گی۔

بقیہ 47

سی جہلم نے انتہائی سرد موسم میں قومی فریضہ انجام دینے کے متحرک اہلکاروں کو شاباش دیتے ہوئے مہم کو پوری طرح کامیاب بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 48

لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ کی مقتول تصرف کے گھر آمد، اے ایس پی کینٹ نے اب تک کی کارروائی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ افسران مقتول کے اہل خانہ سے ملے افسوسناک واقعہ پر اظہار تعزیت اور ملزمان کی جلد گرفتاری کی یقین دہانی کروائی، ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 49

کے مقابلہ میں 1.67 فیصد کم ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق دسمبر 2023ء میں ڈھائی کلو ڈالڈا بناسپتی گھی کی اوسط قیمت 1328.77 روپے ریکارڈ کی گئی جو نومبر کے مقابلہ میں 2.41 فیصد کم ہے، نومبر میں ملک میں ڈھائی کلو ڈالڈا بناسپتی گھی کی اوسط قیمت 1361.52 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ دسمبر میں ایک کلو ڈالڈا بناسپتی گھی کی اوسط قیمت 506.57 روپے ریکارڈ کی گئی جو نومبر کے مقابلہ میں 1.59 فیصد کم ہے، نومبر میں ملک میں ایک کلو ڈالڈا بناسپتی گھی کی اوسط قیمت 514.74 روپے ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق اس عرصے کے دوران سرسوں کے تیل کی قیمت میں دسمبر میں اضافہ ہوا، دسمبر میں ایک لیٹر سرسوں کے تیل کی قیمت 504.56 روپے ریکارڈ کی گئی جو نومبر کے 502.74 روپے کے مقابلے میں 0.34 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ 50

شہریوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیاسی پارٹیوں کے نمائندے عرصہ دراز سے اقتدار میں آرہے ہیں مگر اس کے باوجود شہر میں پارکنگ کے دیرینہ مسلے کا حل نہ کروا سکے تمام جماعتوں کے مقامی منتخب نمائندے وزیراعظم، سپیکر قومی اسمبلی اور دیگر صوبائی، وفاقی وزارتوں کے عہدوں پر فائز رہنے کے باوجود گوجرخان کے لیے فلائی اوور اور پارکنگ پلازے جیسے پروجیکٹ اپنے عوام کو نہ دے سکے سب پارٹیز کے نمائندوں کا فوکس صرف گلیاں نالیاں پکی کروانے گیس پائپ لائنز اور بجلی کے کھمبے نصب کروانے پر رہا جبکہ جو پیچیدہ مسلہ تھا اس کی طرف کسی نے دھیان نہ دیا جسکا خمیازہ آج ہم لوگ بھگت رہے ہیں جی ٹی روڈ پر پیدل چلنا بھی محال ہو چکا ہے رہتی کسر موٹروے پولیس کا عملہ نکال رہا جن کی اندرون شہر میں غلط پارکنگ جیسے پیچیدہ مسلے پر توجہ بلکل مرکوز نہیں نہ کبھی انھوں نے زحمت کی کہ گاڑیوں کو ڈسپلن کے ساتھ پارک کروانے پر باور کروایا جائے اور روڈ کے اوپر سے ریڑھی بازار کو ختم کروایا جائے جب بھی پٹرولنگ پر معمور عملے کی گاڑی آتی ہے انکا ہاتھ صرف ہوٹر پر ہوتا اور فاسٹ ٹریک پر یہ آئے اور وہ گے والا انکا کام ہوتا ہے

بقیہ 51

حفاظتی ویکسی نیشن پر مامور محکمہ صحت کی ٹیموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے ویکسی نیشن کے ریکارڈ کے ساتھ ساتھ حفاظتی ویکسین کے قطرے پینے والے بچوں کی فنگر مارکنگ کو بھی چیک کیا، انہوں نے ویکسی نیشن سٹاف کی کارکردگی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے اس امر کی خصوصی طور پر تاکید کی کہ بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن کا عمل روزانہ کے مقررہ اہداف کے مطابق کامل توجہ کے ساتھ مکمل کیا جائے، ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے کہا کہ پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کی پولیو کے خلاف حفاظتی ویکسینیشن اہم ترین قومی فریضہ ہے اور اس ضمن میں ہیلتھ سٹاف کی کارکردگی کو جانچنے کیلئے اچانک انسپکشن کا سلسلہ رواں راؤنڈ کی تکمیل تک برقرار رکھا جائے گا۔

بقیہ 52

کارروائی کرنے کے بعد کسٹم حکام کے حوالے کردیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بھکر کی ہدایت پر سمگلنگ کی روک تھام کے لئے ضلع بھر کے داخلی وخارجی راستوں پر چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے انچارج چیک پوسٹ داجل امیر حسین S.I معہ ٹیم نے KPK سے صوبہ پنجاب ایرانی ڈیزل کی سمگلنگ کو ناکام بنادیا۔ 5400 لیٹر ایرانی ڈیزل کو قبضہ میں لیکر کارروائی کے بعد کسٹم حکام کے حوالے کردیا گیا ہے۔ ڈی پی او بھکر کا کہنا ھے کہ سمگلنگ کرنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ نان کسٹم سامان وسمگلنگ کرنے والوں کے ساتھ کسی بھی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ مزید سیکورٹی کے پیش نظر چیک پوسٹ داجل و پتن ہائے پر پولیس نے چیکنگ کے سسٹم کو مربوط کیا ہوا ہے کہ کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 53

حسین اسسٹنٹ سب انسپکٹر نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں مجتبی ولد خان بہادر، ظہیر ولد محمد خان، ہارون ولد زاہد حسین، گلفام ولد شوکت حسین اور جمشید ولد بہادر خان شامل ہیں جن کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ برآمد کرکے مقدمات درج کرلیے گئے۔

بقیہ 54

ورکشاپ میں شرکت کر رہا ہوں اور ہر سال یہ خوب سے خوب تر کے محاورے کی طرح ترقی کے زینے چڑھ رہی ہے، جس پر اپووا کی پوری انتظامیہ اور خاص طور پر ایم ایم علی اور حافظ محمد زاہد مبارکباد کے مستحق ہیں۔ مستقبل کے بارے میں سوال پر اظہر بھٹی کا کہنا تھا کہ وہ ''ڈرامہ نگاری'' کی طرف جانا چاہتے ہیں اور مختلف کورسز کرکے سکرپٹ رائٹنگ پر مکمل عبور حاصل کرنے کے بعد وہ پروفیشنل طریقے سے اس فیلڈ میں قدم رکھیں گے۔ آخر میں ایم ایم علی اور حافظ محمد زاہد نے ان کے خلوص کا شکریہ ادا کیا، ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور یہ باور کرایا کہ آپ کے خواب کو تعبیر دینے کے لیے اپووا ہر قدم آپ کے ساتھ ہے!

بقیہ 55

ناظم یوسی کوتریلہ و سابق امیدوار صوبائی اسمبلی پاکستان پیپلز پارٹی کے راہنما راجہ الطاف حسین نے صحافیوں سے اپنی گفتگو کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ راجہ پرویز اشرف کے دور اقتدار میں تحصیل گوجرخان میں تاریخی ترقیاتی کام ہوئے، پنجاب یونیورسٹی گوجرخان کیمپس کا قیام، تحصیل کے 70 فیصد دیہاتوں کے گھروں میں سوئی گیس، بجلی، 14 ہزار نوجوانوں کے لئے سرکاری نوکریاں، بار ایسوسی ایشن کمپلیکس کا قیام اور سولر سسٹم کی فراہمی، مندرہ چکوال روڈ اور سوہاوہ چکوال روڈ، شرقی علاقہ کے عوام کو دہائیوں سے درپیش ریلوے پھاٹک پر مشکلات کو ختم کرنے کے لئے ریلوے روڈ انڈر پاس، پاسپورٹ آفس، نادرا دفاتر، تحصیل بھر میں سڑکوں کے سینکڑوں کلومیٹر کے چاروں طرف جال، بے حساب گلیوں نالیوں کی تعمیر، ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن سمیت دیگر عوامی فلاح و بہبود کے کام ہی یہ ثابت کرتے ہیں کہ راجہ پرویز اشرف نے منتخب ہوکر اپنے حلقہ کے مسائل کو حل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، راجہ الطاف حسین نے کہا کہ راجہ پرویز اشرف کی تحصیل گوجرخان سے محبت اور اس مٹی سے وفا ہی ہے کہ آج عوام دیگر سیاسی جماعتوں کو چھوڑ کر پاکستان پیپلز پارٹی میں دھڑا دھڑ شامل ہو رہے ہیں جو راجہ پرویز اشرف کی عوام میں مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے

بقیہ 56

کے وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ وفد کی قیادت Zhang Yang، ڈائریکٹر چونگ جیانگ فیڈریشن آف انوسٹمنٹ اینڈ کامرس اور چانگ جیانگ مینجمنٹ کمپنی کے چیئرمین کر رہے تھے۔ اس موقع پر اشفاق احمد نائب صدر ایف پی سی سی آئی اور چیئرمین کوآرڈینیشن کیپٹل آفس ملک سہیل حسین، طارق صادق، اور دیگر بھی موجود تھے۔ کریم عزیز ملک نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی زیادہ تر ٹیکسٹائل مصنوعات یورپ اور امریکا کو برآمد کی جاتی ہیں تاہم ٹیکسٹائل انڈسٹری چین کو برآمدات میں اضافے کی امید رکھتی ہے۔

بقیہ 57

خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا، مقتولین گاڑی پر جارہے تھے کہ مخالف فریق نے فائرنگ کردی، واقعہ میں شجاع یونس، عاطف اور 8 سالہ انابیہ جاں بحق جبکہ فلک شیر، ثاقب اور تابندہ بھی زخمی ہیں، واقعہ سابقہ دشمنی کا شاخسانہ ہے، واقعہ کی اطلاع پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر، اے ایس پی صدر سرکل نفری کے ہمراہ فوری موقع پر پہنچے، نعشوں کو پوسٹ مارٹم اور زخمیوں کو علاج معالجہ کے لئے ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، واقعہ کی اطلاع پر پولیس موقع پر موجود ہے، شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں، ملزمان کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 58

ہے۔ میئر فوزیہ جنجوعہ کے دیگر دو چچا شوکت اقبال جنجوعہ اور افضل جنجوعہ اور غلام مصطفیٰ جنجوعہ نیوجرسی امریکہ میں مقیم ہیں۔ فوزیہ جنجوعہ کے والد اور انکے تین بھائیوں نے 80 کی دہائی میں امریکہ کا رخ کیا تھا اور پھر وہیں امریکی شہریت حاصل کی۔

بقیہ 59

قیام کا مقصد ظلم کا شکار جانوروں کا تحفظ ہے، پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر میں جانوروں کے لئے ابتدائی طبی امداد، علاج معالجہ اور دیکھ بھال کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، سڑکوں، گلی محلے، گھروں اور جانوروں کی خرید وفروخت کے مقامات پر جانوروں پر کسی بھی قسم کے ظلم کی صورت میں کارروائی کی جائے گی، جانوروں کے علاج اور دیکھ بھال کے ساتھ ظلم میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی بھی کی جائے گی، پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر اے ایس پی ٹیکسلا کائنات اظہر خان کی زیر نگرانی کام کررہا ہے، ریسکیو سینٹر میں پولیس کے سب انسپکٹر ویٹرنری ڈاکٹر اور ٹیکنیشن فرائض سرانجام دیں گے، جانوروں کے علاج اور دیکھ بھال کے بہترین معیار کو یقینی بنانے کے لئے این جی اوز سے معاہدے بھی کیے گئے ہیں۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ شہری جانوروں پر کسی بھی قسم کے ظلم کی رپورٹ ہیلپ لائن 051-9293081 پر کر سکیں گے، رپورٹ کرنے والے شہری کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا، شہری خصوصاً طلباء وطالبات پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کے ساتھ رضاکارانہ طور پر کام کرنے کے لئے رجسٹریشن کروا سکتے ہیں، شہری پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر میں لائے جانے والے جانور علاج معالجہ کے بعد اڈاپٹ adopt بھی کرسکیں گے۔

نیومیٹروسٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کھاریاں کے زیراہتمام ایفل ٹاور کی شاندار افتتاحی تقریب

میوزیکل پروگرام میں سینکڑوں شائقین کی شرکت، اس موقع پر آتشبازی کا شاندار مظاہرہ کیا

ملکی معیشت کو مستحکم بنانے کے لئے ہاؤسنگ سیکٹرز پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، کنٹری ہیڈ زرعون مسعود کی گفتگو

نیومیٹروسٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کے کنٹری ہیڈ زرعون مسعود افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

لاہور(نمائندہ عوامی للکار) نیو میٹروسٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کے کنٹری ہیڈ زرعون مسعود نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کو مستحکم بنانے کے لئے ہاؤسنگ سیکٹرز پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، بی ایس ایم ڈویلپرز نے نیومیٹروسٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کے منصوبے شروع کر کے عوام کو جدید طرز کی بین القوامی معیار کے مطابق رہائشی ماحول فراہم کر رہے ہیں۔ کشادہ سڑکیں، جدید پارکس، کمیونٹی سنٹر، سپورٹس کمپلیکس، شاپنگ مال، صحت و تعلیم کی معیاری سہولیات سے بی ایس ایم ڈویلپرز ملک بھر کی عوام کی پسندیدہ فرم بن چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روزی ایس ایم ڈویلپرز کا ہاؤسنگ منصوبہ نیومیٹروسٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کھاریاں میں ایفل ٹاور کی افتتاحی تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 33)

GRAND OPENING
EIFFEL TOWER PARK GRAND OPENING
نیومیٹروسٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کھاریاں کے زیراہتمام ایفل ٹاور کی افتتاحی تقریب میں معروف سنگر ابرارالحق و دیگر اپنے فن کا مظاہرہ کررہے ہیں

آصف علی زرداری سے چودھری عبدالغفور کی ملاقات

اہم سیاسی امور، حلقہ این اے 125 کی انتخابی مہم بارے تبادلہ خیال

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف علی زرداری سے چودھری عبدالغفور نے ملاقات کی جس میں اہم سیاسی امور اور حلقہ این اے 125 کی انتخابی مہم کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ آصف علی زرداری نے چوہدری عبدالغفور کو پیپلز پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہتے ہوئے این اے 125 سے بھرپور انداز میں انتخابی مہم چلانے کی ہدایت کی۔ آصف زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی اقتدار میں آ کر حلقہ (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 8 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق رواث پولیس نے ملزم عبداللہ سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم عارف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم فیضان سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم اسامہ سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم اسرار سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نصیرآباد (بقیہ نمبر 37)

ڈی پی او جہلم کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری، شہریوں کی خودسنا

جہلم (این این آئی) ڈی پی او جہلم نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ ڈی پی او جہلم نے شہریوں کو فرداً فرداً خود سنا اور موقع پر احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری کے (بقیہ نمبر 35)

جہلم، کار چوری کی اطلاع پر فوری ناکہ بندی، ملزم گرفتار، مسروقہ کار برآمد

جہلم (این این آئی) ایس ایچ او کالا گجراں ملک نثار احمد اور ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کار چوری کی اطلاع پر فوری ناکہ بندی کی اور ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کالا گجراں پولیس کو کار چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ناکہ بندی کر کے (بقیہ نمبر 36)

پاکستان میں تقریباً 1 لاکھ بچے ٹائپ 1 ذیابیطس میں مبتلا ہیں: ماہرین

بدقسمتی سے ذیابیطس میں مبتلا ان بچوں کی اکثریت میں بیماری کی بروقت تشخیص نہیں ہوپاتی جسکی وجہ معلومات کا فقدان ہے

وزن میں اچانک کمی، تواتر کے ساتھ پیشاب کا آنا اور شدید بھوک کا لگنا کچھ علامات میں سے ہیں

اسلام آباد (بیوروچیف) ماہرین صحت کی جانب سے انکشاف کیا گیا ہے کہ پاکستان میں تقریبا ایک لاکھ بچے ٹائپ 1 ذیابیطس میں مبتلا ہیں جن کو صحت مند زندگی گزارنے کے لیے عمر بھر انسولین کی ضرورت رہے گی۔ سینئر اینڈوکرینولوجسٹ اور ماہرین صحت کا کہنا تھا کہ بدقسمتی سے ذیابیطس میں مبتلا ان بچوں کی اکثریت میں بیماری کی بروقت تشخیص نہیں ہوپاتی جس کی وجہ والدین (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی، مزید 94 کم عمر ڈرائیوروں کیخلاف مقدمات درج

خصوصی مہم کے دوران اب تک 5783 مقدمات درج کئے گئے ہیں، پولیس

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر گزشتہ روز مزید 94 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے گزشتہ روز راولپنڈی پولیس نے 94 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے، خصوصی مہم کے دوران اب تک 5783 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ سی پی او سید خالد (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی، 4 ملزمان سے 4 کلو چرس برآمد، مقدمات درج

نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنیوالے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے ساڑھے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صدرواہ پولیس نے ملزم ذابغت سے 3 کلو 200 گرام چرس، ملزم سجاد سے 520 گرام (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم جاری

پولیس کے 1700 سے زائد پولیس افسران سیکورٹی ڈیوٹی کیلئے تعینات

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران راولپنڈی پولیس کے 1700 سے زائد پولیس افسران سیکورٹی ڈیوٹی کیلئے تعینات کئے گئے ہیں، راولپنڈی پولیس کے افسران پولیو ورکرز کی 870 ٹیموں کے ہمراہ سیکورٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران راولپنڈی پولیس کے 1700 سے زائد پولیس افسران سیکورٹی ڈیوٹی کیلئے تعینات کیے گئے

پولیس خدمت مرکز جہلم میں کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کیلئے آنیوالا اشتہاری مجرم گرفتار

جہلم (این این آئی) پولیس خدمت مرکز جہلم میں کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کیلئے آنیوالا اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق محمد عثمان کا ریکارڈ چیک کرنے پر مذکورہ اشتہاری مجرم نکلا، مجرم اشتہاری جان سے مارنے کی دھمکیوں کے مقدمہ میں 2022 سے صدر پولیس کو مطلوب تھا، جہلم پولیس نے مجرم اشتہاری کو فوراً گرفتار کر (بقیہ نمبر 40)

لیڈی کانسٹیبل امبرین کی نماز جنازہ آبائی علاقہ تھانہ جاتلی میں ادا کردی گئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی لیڈی کانسٹیبل امبرین نور خالق حقیقی سے جا ملی، لیڈی کانسٹیبل امبرین نور گزشتہ روز روڈ ایکسیڈنٹ کی وجہ سے زخمی ہوگئی تھی جو بعدازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وفات پاگئی، نماز جنازہ انکے آبائی علاقہ تھانہ جاتلی میں ادا کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے لیڈی کانسٹیبل امبرین نور خالق حقیقی سے جا ملی، لیڈی کانسٹیبل امبرین نور وارث خان تعینات تھیں جو گزشتہ (بقیہ نمبر 42)

خانہ بدوش بچے بادامی باغ منڈی میں پھینکی گئی گلی سڑی سبزیاں اکٹھی کر رہے ہیں

امیدواروں کے لئے بینرز چھپوانے کے حوالے سے ہدایات جاری

کوئی شخص یا کوئی سیاسی جماعت پوسٹرز، ہینڈ بلز، پوسٹر پمفلٹ چسپاں نہیں کریگی

بھکر (ظفر اعوان) الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر بھکر محمد بلال اقبال نے انتخابی مہم میں بینرز کی چھپوائی/ پرنٹنگ کے حوالہ سے ضابطہ اخلاق کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 8 فروری 2024 کو ہونیوالے عام انتخابات کیلئے سیاسی جماعتوں / آزاد (بقیہ نمبر 43)

بھکر، ڈپٹی کمشنر نور اعوان کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا، پولیو ٹیمیں جانفشانی سے کام جاری رکھیں

بھکر (ظفر اعوان) 8 جنوری سے شروع ہونیوالے پانچ روزہ پولیو راؤنڈ کے دوران پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا موقع پر جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمہ کیلئے پولیو ٹیمیں جانفشانی سے اپنے فرائض جاری رکھیں پانچ سال (بقیہ نمبر 44)

مختلف یونیورسٹیز میں داخلوں سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد

مختلف یونیورسٹیز اور تعلیمی اداروں کے مالکان اور ماہرین نے شرکت کی

آگاہی سیشن انٹرنیشنل سٹوڈنٹ ریکروٹمنٹ کے زیراہتمام منعقد کیا گیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) انٹرنیشنل سٹوڈنٹ ریکروٹمنٹ کے زیراہتمام اسلام آباد کے ایک نجی ہوٹل میں برطانیہ، دبئی، مالٹا، فرانس اور امریکا میں پاکستانی طلباء کے مختلف یونیورسٹیز میں داخلوں سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا، آگاہی سیشن سے گیسٹ سپیکر اور انٹرنیشنل سٹوڈنٹ ریکروٹمنٹ کے بانی راج کمار نے دبئی سے آن لائن لنک کے ذریعے برطانیہ، دبئی، مالٹا، فرانس اور امریکا کی یونیورسٹیز میں داخلے کے طریقہ کار، حائل رکاوٹوں، مشکلات اور ان کے حل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور داخلے میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے انٹرنیشنل سٹوڈنٹ ریکروٹمنٹ کے کردار کے بارے میں بھی آگاہی (بقیہ نمبر 45)

استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر انتخابی مہم کے سلسلے میں حلقے کا دورہ کرر ہے ہیں

نجی تعلیمی اداروں کو ڈی سیل کرنے کی مشروط طور پر اجازت

آل پاکستان پرائیویٹ سکول مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے مطالبہ پر ڈی جی آر ڈی اے کا اقدام

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آل پاکستان پرائیویٹ سکول مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے مطالبہ پر ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے سیف انور جپہ نے گلریز ہاؤسنگ سوسائٹی کے نجی تعلیمی اداروں کو ڈی سیل کرنے کی مشروط طور پر اجازت دے دی ہے۔ اس ضمن میں گزشتہ روز آل پاکستان پرائیویٹ سکول مینجمنٹ ایسوسی ایشن شمالی پنجاب کے صدر اور ضلع رجسٹریشن اتھارٹی کے ممبر ابرار احمد خان کی سربراہی میں وفد نے ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے سیف انور جپہ سے ملاقات کی اور نجی تعلیمی اداروں کی موجودہ صورت حال اور تعلیمی (بقیہ نمبر 46)

آصف علی زرداری جھنگ سے شمولیت کرنے والے سیاسی رہنماؤں کو پارٹی مفلر پہنا رہے ہیں

جہلم میں سات روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا گیا

پولیو ورکرز سے تمام شہری مکمل تعاون کریں، ڈپٹی کمشنر سمیع اللہ فاروق

جہلم (این این آئی) ڈپٹی کمشنر جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے پولیو مہم کی افتتاحی تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو کے خاتمے کی مہم کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، سرد موسم میں نسلوں کو معذوری سے بچانے کیلئے آنے والے پولیو ورکرز سے تمام شہری مکمل تعاون کریں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی جہلم کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے سات روزہ پولیو مہم کا آغاز دریائے جہلم کنارے خانہ بدوشوں کے بچوں کو قطرے پلا کر کیا۔ اس موقع پر سی ای او (ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی) ڈاکٹر میاں مظہر حیات اور پولیو مہم کے انچارج بھی موجود تھے۔ ڈی سی جہلم کو محکمہ صحت کے حکام کی جانب سے بریفنگ میں بتایا گیا کہ 221085 بچوں کو اس مہم میں پولیو ویکسین پلائی جائے گی۔ ڈی (بقیہ نمبر 47)

غزہ، امدادی سامان لے کر جانے والے ٹرک پر اسرائیلی بمباری سے تباہی کا منظر

راولپنڈی، تھانہ ریس کورس میں شہری کے قتل کا واقعہ

ایس ایس پی آپریشنز اور ڈپٹی کمشنر کی مقتول کے گھر آمد، اہلخانہ سے اظہار تعزیت

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ریس کورس کے علاقہ میں رابری کے دوران شہری کے قتل کا واقعہ پر ایس ایس پی آپریشنز فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ کی مقتول کے گھر آمد، اہلخانہ سے اظہار تعزیت اور ملزمان کی جلد گرفتاری یقین دہانی کروائی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ریس کورس کے علاقہ میں رابری کے دوران شہری کے قتل کے واقعہ پر ایس ایس پی آپریشنز فلائیٹ (بقیہ نمبر 48)

گھی اور خوردنی تیل کی قیمتوں میں عمومی کمی کا رجحان

5 کلو ڈالڈا کوکنگ آئل کی اوسط قیمت 2787.10 روپے ریکارڈ

لاہور (این این آئی) ملک میں گھی اور خوردنی تیل کی قیمتوں میں دسمبر 2023ء کے دوران عمومی کمی کا رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ رپورٹ کے مطابق دسمبر میں 5 کلو ڈالڈا کوکنگ آئل کی اوسط قیمت 2787.10 روپے ریکارڈ کی گئی جو نومبر کے 2834.43 روپے (بقیہ نمبر 49)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

غلط پارک گاڑیوں اور ریڑھیوں کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر

سیاسی جماعتوں کے نمائندے وزارتوں پر بڑے منصب حاصل کرنے کے باوجود شہر میں فلائی اوور اور پارکنگ پلازہ جیسے پروجیکٹ نہ لاسکے

موٹروے پولیس کی اندرون شہر میں ذرہ برابر دلچسپی نہیں انکا فوکس مال بردار گاڑیوں کے چالان کرنے پر مرکوز

گوجرخان (قمرشہزاد) جی ٹی روڈ کی دونوں اطراف پر گاڑیوں کی غلط پارکنگ کی وجہ سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ڈی ایس پی آفس چوک سے لیکر کلب کیفے تک روڈ کی دونوں جانب جدھر بھی نظر دوڑائی جائے گاڑیاں اور فروٹ ریڑھیاں غلط پارک ہوئی نظر آئیں گی موٹروے پولیس کی پٹرولنگ پر معمور پارٹی کا شہر کے باہر مال بردار بڑی گاڑیوں کے چالان کرنے پر فوکس (بقیہ نمبر 50)

وکیل کے لباس میں عدالت آنے والے کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، 3 زخمی

پشاور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر ہونے والی فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کرنے والا شخص وکیل کے مخصوص لباس، کالے کوٹ پینٹ میں سیشن کورٹ آیا تھا۔ واقعے کے زخمیوں میں پولیس اہل کار بھی شامل ہے جسے لیڈی ریڈنگ ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ لگتی ہے

ایک مزدور دریائے راوی میں ملبہ ڈال کر راستہ بنا رہا ہے

ڈپٹی کمشنر چکوال کا یونین کونسل اوڈھروال کے علاقہ میں دورہ

ڈپٹی کمشنر نے ویکسی نیشن سٹاف کی کارکردگی پر اظہارِ اطمینان

چکوال (خاور شہزاد سے) ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے پیر کے روز انسداد پولیو راؤنڈ کے آغاز پر CEO ہیلتھ ڈاکٹر آصف ارباب خان نیازی کے ہمراہ یونین کونسل اوڈھروال کے علاقہ میں دورہ کیا جس کے دوران انہوں نے پولیو کے خلاف بچوں کی (بقیہ نمبر 51)

سمگلنگ کی روک تھام کیلئے داخلی و خارجی راستوں کی چیکنگ

سمگلنگ کرنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او بھکر

بھکر (ظفر اعوان) ڈی پی او محمد نوید کی ہدایت پر سمگلنگ کی روک تھام کے لئے داخلی و خارجی راستوں پر سخت چیکنگ جاری ہین الصوبائی داجل چیک پوسٹ نے 5400 لیٹر ایرانی ڈیزل، کی سمگلنگ کی کوشش کو ناکام بنا دیا، جسے قانونی (بقیہ نمبر 52)

چکوال، 5 ملزمان سے بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ برآمد

چکوال (این این آئی) کلر کہار پولیس نے 5 ملزمان سے بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس ڈاکٹر عثمان انور اور آر پی او راولپنڈی سید خرم علی کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کی زیر نگرانی چکوال پولیس کا ناجائز اسلحہ کے حامل افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ کلرکہار عاطف رضا شاہ سب انسپکٹر، ارسلان فاضل سب انسپکٹر مجوب (بقیہ نمبر 53)

اُبھرتے لکھاری اظہر بھٹی کا اَپووا صدر و سینئر نائب صدر کے اعزاز میں عشائیہ

کامیاب ورکشاپ کے انعقاد پر مبارکباد، اَپووا کی ادبی سرگرمیوں کو خوب سراہا، یخ بستہ شام میں گرما گرم کھانوں اور چائے پر مختلف موضوعات پر سیر حاصل گفتگو

اُبھرتے لکھاری اظہر بھٹی کا اَپووا صدر و سینئر نائب صدر کے اعزاز میں گروپ فوٹو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اُبھرتے لکھاری اور خوبصورت ناول ”محبت مار ڈالے گی“ کے مصنف اظہر حسین بھٹی نے گزشتہ دنوں مقامی ہوٹل میں قلم کاروں، لکھاریوں، صحافیوں، ادیبوں اور شاعروں کی نمائندہ جماعت آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (اَپووا) کے بانی و صدر ایم ایم علی اور سینئر نائب صدر حافظ محمد زاہد کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا۔ یخ بستہ شام میں گرما گرم کھانوں اور چائے پر مختلف موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کا خوبصورت دور کئی گھنٹوں پر محیط رہا۔ اس موقع پر اظہر حسین بھٹی کا کہنا تھا کہ گزشتہ تین سالوں سے میں اَپووا تربیتی (بقیہ نمبر 54)

راجہ پرویز اشرف نے مسائل حل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی

عوام دیگر سیاسی جماعتوں کو چھوڑ کر پیپلز پارٹی میں دھڑا دھڑ شامل ہو رہے ہیں، راجہ الطاف

گوجرخان (قمرشہزاد) سابق وزیر اعظم و اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف 2024 میں تاریخی کامیابی حاصل کریں گے، رسم باقی رہ گئی ہے جبکہ تحصیل گوجرخان کے عوام ابھی سے ان کے حق میں فیصلہ دے چکے ہیں، ان خیالات کا اظہار سابق نائب (بقیہ نمبر 55)

چینی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

راولپنڈی (چیف رپورٹر) چینی سرمایہ کاروں کے لیے یہ مناسب وقت ہے کہ وہ پاکستان میں اپنی سرمایہ کاری پر منافع بخش منافع کمائیں اور ایف پی سی سی آئی چینی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں مشترکہ منصوبوں کے لیے صحیح شراکت داروں سے جوڑنے کی یقین دہانی کراتا ہے۔ یہ بات کریم عزیز ملک نے چیئرمین ایف پی سی سی آئی کیپیٹل آفس کا دورہ کرنے والے چینی سرمایہ کاروں (بقیہ نمبر 56)

8 سالہ بچی سمیت 3 افراد کے جاں بحق ہونے پر سی پی او کا نوٹس

سید خالد ہمدانی نے گاڑی پر فائرنگ کرنے ملزمان کی گرفتاری کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چونترہ کے علاقہ میں گاڑی پر فائرنگ سے 8 سالہ بچی سمیت 3 افراد کے جاں بحق ہونے پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چونترہ کے علاقہ میں گاڑی پر فائرنگ سے 8 سالہ بچی سمیت 3 افراد کے جاں بحق ہونے پر سی پی او سید (بقیہ نمبر 57)

چکوال کی بیٹی نے امریکہ میں نئی تاریخ لکھ دی، نیوجرسی کی میئر منتخب ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا

چکوال (این این آئی) چکوال کی بیٹی نے امریکہ میں نئی تاریخ لکھ دی اور نیوجرسی کی میئر منتخب ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا۔ فوزیہ جنجوعہ جنوبی ایشیاء کی پہلی مسلم خاتون ہیں جنہوں نے یہ اعزاز حاصل کیا ہے۔ فوزیہ جنجوعہ محلہ غربی چکوال سے تعلق رکھنے والے ادریس جنجوعہ کی صاحبزادی ہیں اور گزشتہ کئی دہائیوں سے یہ خاندان امریکہ میں مقیم (بقیہ نمبر 58)

ایک لڑکی آرٹ ٹیکسٹ گیلری میں بلوچی ثقافت پر مبنی پینٹنگ نمائش دیکھ رہی ہے

راولپنڈی میں پہلی مرتبہ پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کا قیام

جانوروں کے علاج اور دیکھ بھال کے ساتھ ظلم میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی بھی کی جائیگی، سی پی او

شہری خصوصاً طلباء و طالبات پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کے ساتھ رضا کارانہ طور پر کام کرنے کیلئے رجسٹریشن کرواسکتے ہیں، سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق راولپنڈی میں پہلی مرتبہ پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کا قیام، پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر نے کام کا آغاز کردیا، پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کے قیام کا مقصد ظلم و زیادتی کا شکار جانوروں کا تحفظ ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق راولپنڈی میں پہلی مرتبہ پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کا قیام، پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر نے کام کا آغاز کر دیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ پولیس اینیمل ریسکیو سینٹر کے (بقیہ نمبر 59)

نہم و دہم سالانہ امتحانات 2024 کے لئے ڈیٹ شیٹ جاری

میٹرک کے امتحان یکم مارچ، نہم جماعت کے 19 مارچ کو شروع ہوں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز نے نہم و دہم سالانہ امتحانات 2024 کے لئے عارضی ڈیٹ شیٹ جاری کردی۔ تفصیلات کے مطابق یکم مارچ سے میٹرک کے پیپرز شروع ہوں گے، پہلا پیپر سوکس اور تاریخ پاکستان کا ہوگا، 2 مارچ کو پنجابی، 4 کو انگریزی اور 5 کو عربی کا پیپر لیا جائے گا۔ 6 مارچ کو کیمسٹری، جنرل سائنس اور 7 مارچ کو ایلیمنٹس آف ہوم اکنامکس کا پیپر ہوگا، 8 کو فزکس، اسلامیات اور 9 مارچ کو اسلامیات لازمی جبکہ 18 مارچ کو میٹرک کا آخری پیپر اردو لازمی کا لیا جائے گا۔ نہم کے پیپرز 19 مارچ کو شروع ہوں گے، پہلا پیپر اکنامکس اور تاریخ پاکستان کا ہوگا۔ 20 مارچ کو انگریزی اور 21 کو عربی کا پیپر ہوگا۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com